http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو ◉ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: علی منصور

جلد : 22 | 01 ربیع الثانی 1446ھ ہفتہ 05 اکتوبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 219

وزیر اعظم کا فلسطین پر اے پی سی بلانے کا فیصلہ

بلاول کا خیر مقدم

وزیر اعظم شہباز شریف نے آل پارٹیز کانفرنس طلب کر لی جس میں ملک کی موجودہ سیاسی اور معاشی صورتحال پر غور کیا جائے گا، آل پارٹیز کانفرنس 7 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملکی سیاسی حالات اور مشرق وسطی کی صورتحال پر وزیر اعظم شہباز شریف نے آل پارٹیز کانفرنس طلب کر لی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے آل پارٹیز کانفرنس طلب کر لی جس میں ملک کی موجودہ سیاسی اور معاشی صورتحال پر غور کیا جائے گا۔ آل پارٹیز کانفرنس 7 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگی جس میں تمام جماعتوں کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ اطلاعات ہیں کہ کانفرنس میں مشرق وسطی کی صورتحال پر بھی غور کیا جائے گا۔ باخبر ذرائع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

مقبوضہ کشمیر میں مودی سرکار کی الیکشن میں منظم دھندلی کی تیاری عروج پر

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) جموں و کشمیر کا مسئلہ ایک بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تنازعہ ہے، جسے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہئے مسئلہ کشمیر کا واحد قابل قبول حل اقوام متحدہ کی زیر نگرانی استصواب رائے ہے مقبوضہ کشمیر میں مودی سرکار کی الیکشن میں منظم دھندلی کی تیاری عروج پر ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر کو پولیس، پبلک آرڈر، آل انڈیا ایس وی سی اور ٹرانسفر اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

اسرائیلی وزیر اعظم نے میرے باتھ روم میں جاسوسی آلات لگائے تھے، بورس جانسن

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کے سابق وزیر اعظم بورس جانسن نے الزام عائد کیا ہے کہ اسرائیلی ہم منصب نیتن یاہو نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

آرمی چیف اور ملائیشین وزیر اعظم میں ملاقات

دفاعی تعاون پر گفتگو

ملائیشیا کے وزیر اعظم نے علاقائی امن واستحکام میں پاکستان کی مسلح افواج کے کردار کو سراہا جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا، ملائیشین وزیر اعظم نے دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات بالخصوص فوجی تعلقات کو بڑھانے کی ضرورت پر زور بھی دیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ملائیشیا کے وزیر اعظم داتو سری انور ابراہیم کی ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ اسٹریٹجک مفادات، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشیا کے وزیر اعظم نے علاقائی امن واستحکام میں پاکستان کی مسلح افواج کے کردار کو سراہا جبکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا۔ ملائیشین وزیر اعظم نے دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات بالخصوص فوجی تعلقات کو بڑھانے کی ضرورت پر زور بھی دیا۔ ملائیشین وزیر اعظم نے آرمی چیف کو ملائیشیا کے دورے کی دعوت بھی دی جس پر ملائیشین وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے کامیاب دورے کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملائیشین وزیر اعظم کے دورے سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ملائیشیا کے وزیر اعظم ملاقات کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں

ڈی چوک اور فیض آباد پر شیلنگ

پی ٹی آئی کا احتجاج

برہان انٹرچینج

سیکڑوں گرفتار

پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیش نظر انتظامیہ نے اسلام آباد والے تمام راستے بند کیے ہوئے ہیں جس کے سبب پنڈی بھی جڑواں شہر اسلام آباد سے کٹ گیا ہے، جگہ جگہ کنٹینر رکھ دیے گئے ہیں، ٹرک کھڑے کردیے گئے ہیں اور پولیس کو تعینات کر دیا گیا ہے، چیرنگ کراس چوک دونوں جانب سے رکاوٹیں کھڑی کر کے بند کر دیا گیا

اسلام آباد، راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ڈی چوک میں پی ٹی آئی کے احتجاج پر انتظامیہ نے اسلام آباد آنے والے تمام راستے سیل کر دیے جس کے سبب راولپنڈی سے اسلام آباد کا رابطہ منقطع ہوگیا، برہان انٹرچینج پر کے پی سے آئے قافلے، ڈی چوک اور فیض آباد پر پولیس نے پی ٹی آئی کارکنوں پر شیلنگ کرتے ہوئے متعدد کو گرفتار کرلیا۔ پی ٹی آئی کے احتجاج کے پیش نظر انتظامیہ نے اسلام آباد والے تمام راستے بند کیے ہوئے ہیں جس کے سبب پنڈی بھی جڑواں شہر اسلام آباد سے کٹ گیا ہے، جگہ جگہ کنٹینر رکھ دیے گئے ہیں، ٹرک کھڑے کردیے گئے ہیں اور پولیس کو تعینات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

راولپنڈی: چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا سے روسی اعلی فوجی افسر ملاقات کر رہے ہیں

REG # 12(2411)/22
روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: علی منصور
MINI
FREELANCING HUB
ASTORE
SPECIAL COMMUNICATIONS ORGANIZATION

پاک فوج کا گلگت بلتستان کی عوام کیلئے ضلع استور میں فری لانسنگ ہب کا قیام

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ضلع استور میں فری لانسنگ ہب قائم کیا گیا

قدرتی حسن سے مالا مال گلگت بلتستان کو افواج پاکستان کی جانب سے ایک نایاب تحفہ دیا گیا، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ضلع استور میں فری لانسنگ ہب قائم کیا گیا۔ سکول کے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ٹیچر نے پاک فوج کے احسن اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کی جانب سے سکول کے طلبا کے لیے فری لانسنگ ہب بنایا گیا جو کہ بہت خوش آئند ہے۔

آئی ٹی ٹیچر کا کہنا ہے کہ ہم پاک فوج اور اسپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن کا بہت شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمارے طلبا کے لئے یہ ہب متعارف کروایا، اس سے پہلے استور ڈسٹرکٹ میں کوئی ایسا پلیٹ فارم نہیں تھا تو طلبا اس سے بہت مستفید ہوں گے۔

یہ فری لانسنگ ہب بہت سے بچوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرے گا، ہم پاک فوج اور چیف آف آرمی سٹاف کے شکر گزار ہیں، طلبا کا کہنا ہیکہ ہم پاک آرمی کا بہت شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمارے لیے ایسا پلیٹ فارم متعارف کروایا، علاقہ مکینوں اور نوجوانوں نے افواج پاکستان اور ایس آئی ایف سی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

getting started

سندھ ہائیکورٹ علوی ڈینٹل کلینک سیل کرنے کے کیس کا تحریری حکم نامہ جاری

قانون کے تحت درخواست گزار کو پہلے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) سے رجوع کرنا چاہیے،

اپنے خدشات اور تحفظات کیلئے ایس بی سی اے میں اپیل فائل کریں، سندھ ہائیکورٹ کا تحریری حکم نامے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں علوی ڈینٹل کلینک سیل کرنے کے کیس میں سندھ ہائیکورٹ نے تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالت عالیہ کے تحریری حکم نامے کے مطابق قانون کے تحت درخواست گزار کو پہلے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

پی ٹی آئی احتجاج، عمران خان کی دونوں بہنیں ڈی چوک سے گرفتار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی بہنوں علیمہ خان اور عظمی خان کو پولیس نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

مسلمانوں کا دشمن ایک ہی ہے، آیت اللہ خامنہ ای کا 5 سال بعد نماز جمعہ کا خطبہ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے رہبر معظم آیت اللہ خامنہ ای نے 5 سال بعد نماز جمعہ کا خطبہ دیا جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق آیت اللہ خامنہ ای نے حماس کے سربراہ اسماعیل ہنیہ اور لبنان میں حسن نصر اللہ کی اسرائیلی حملے میں شہادت پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

عمران خان کا اڈیالہ جیل میں طبی معائنہ، مکمل فٹ قرار

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کا اڈیالہ جیل میں طبی معائنہ ہوا۔ جیل ذرائع کے مطابق عمران خان کا طبی معائنہ پمز ہسپتال کے ڈاکٹرز پر مشتمل ٹیم نے کیا، معمول کا چیک اپ تھا کسی ایمرجنسی میں طبی معائنہ نہیں ہوا۔ ذرائع کے مطابق ہر دو ہفتے بعد معمول کا چیک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)



جنرل ساحر شمشاد مرزا سے روسی مسلح افواج کے ڈپٹی چیف آف جنرل اسٹاف کی ملاقات

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق روسی مسلح افواج کے ڈپٹی چیف آف جنرل اسٹاف نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

اسرائیل کی مغربی کنارے پر 20 برسوں میں پہلی بار فائٹر جیٹ سے بمباری، 18 شہادتیں

لبنان پر اسرائیل کے حملوں میں شدت

مزید 37 افراد شہید

بیروت بین الاقوامی ہوائی اڈے کے آس پاس جمعہ کی صبح اسرائیل نے حملہ کیا، گزشتہ 20 گھنٹوں کے دوران لبنان پر اسرائیلی حملوں سے 37 افراد ہلاک اور 151 زخمی ہوگئے ہیں، کفر کلا قصبے میں واقع فاطمہ بارڈر کراسنگ کے قریب لبنانی علاقوں میں دراندازی کی کوشش کو پسپا کر دیا، عرب میڈیا رپورٹس

بیروت، غزہ، تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) حزب اللہ سے جھڑپوں میں 17 اسرائیلی فوجی مارے گئے جبکہ 20 گھنٹوں کے دوران اسرائیل کے لبنان پر حملوں میں 37 شہری شہید ہوئے۔ لبنان کی وزارت پبلک ورکس اینڈ ٹرانسپورٹ کے ذرائع کے مطابق بیروت بین الاقوامی ہوائی اڈے کے آس پاس جمعہ کی صبح اسرائیل نے حملہ کیا جبکہ لبنانی وزارت صحت نے بیان میں کہا کہ گزشتہ 20 گھنٹوں کے دوران لبنان پر اسرائیلی حملوں سے 37 افراد ہلاک اور 151 زخمی ہوگئے ہیں۔ حزب اللہ کے مطابق کفر کلا قصبے میں واقع فاطمہ بارڈر کراسنگ کے قریب لبنانی علاقوں میں دراندازی کی کوشش کو پسپا کر دیا گیا۔ اسرائیلی آرمی پریس آفس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جنوبی لبنان میں زمینی کارروائی کے ابتدائی دنوں میں اس کی افواج کو نقصان اٹھانا جاری ہے۔ دوسری جانب تمام بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی اور جنگی اصولوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اسرائیلی فضائیہ کے ایف 16- لڑاکا طیاروں نے مغربی کنارے پر بموں کی بارش کر دی جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس، اسلام آباد میں فوج تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شنگھائی تعاون تنظیم کانفرنس کے سلسلے میں اسلام آباد میں فوج کو تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی منظوری کے بعد وزارت داخلہ نے اسلام آباد میں فوج کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)



حکومت کو احتجاج رکوانا ہے تو قیدی 804 سے رابطہ کریں، علی امین گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کا کہنا ہے کہ احتجاج رکوانا ہے تو قیدی نمبر 804 سے رابطہ کریں۔ پشاور ہائی کورٹ میں راہداری ضمانت کیس کی سماعت کے دوران بیان دیتے ہوئے وزیر اعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کہا کہ آج ہم نے ڈی چوک پہنچنا ہے۔ جتنی بھی رکاوٹیں کھڑی کردیں ہم نے ڈی چوک جانا ہے۔ علی امین گنڈا پور نے مزید (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک مارکیٹ تاریخی بلندیوں پر پہنچ گیا، 100 انڈیکس پہلی بار تاریخ میں 83 ہزار کی سطح عبور کر گیا ہے۔ 100 انڈیکس 810 پوائنٹس کا اضافے کے بعد 83 ہزار 531 پوائنٹس کی تاریخی سطح پر بند ہوا۔ مارکیٹ میں انڈیکس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

ہتھیار دکھا کر یا دھمکی دے کر مذہب تبدیل کروانا اسلام میں حرام ہے، ڈاکٹر ذاکر نائیک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر ذاکر نائیک نے زبردستی مذہب تبدیل کرنے کے حوالے سے بیان جاری کر دیا۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے گزشتہ روز گورنر ہاؤس کراچی میں لیکچر دیا جس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

کراچی میں ایم ڈی کیٹ کے امتحانات میں بدانتظامی کے نئے ریکارڈ قائم ہوگئے

ایم کیوایم پاکستان

گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی ایم ڈی کیٹ کے امتحانی پیپرز وقت سے پہلے لیک کیے گئے، میٹنگ میں ایم ڈی کیٹ کے حوالے سے سندھ ہائیکورٹ میں دائر شدہ پٹیشن کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا گیا، ایم کیوایم پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں ایم ڈی کیٹ کے امتحانات میں ہونے والی بے قاعدگیوں کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیوایم پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں ایم ڈی کیٹ کے امتحانات میں ہونے والی بے قاعدگیوں کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد میٹنگ میں سینئر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)



آئی جی سندھ کی رزاق آباد ٹریننگ سینٹر آڈیٹوریم ہال کی افتتاحی تقریب اور پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید بینظیر بھٹو ایلیٹ ٹریننگ سینٹر رزاق آباد میں تعمیر کیئے گئے آڈیٹوریم ہال کی افتتاحی جبکہ ایگلیٹ کورس کے 02 بیچز کی پاسنگ آٹ تقریب کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

چاند نظر آ گیا، کل یکم ربیع الثانی ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ربیع الثانی کا چاند نظر آ گیا، یکم ربیع الثانی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

کراچی ناظم آباد میں خاتون، میمن گوٹھ میں ایک شخص ڈوب کر جاں بحق

لاش کو ریسکیو 1122 سندھ کی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناظم آباد نمبر 4 خیر العمل مسجد کے قریب کنویں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کا ایس سی او کیلئے دورہ پاکستان کنفرم

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر ایس سی او اجلاس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

معیشت کی بہتری کیلئے وفاقی حکومت اقدامات کررہی ہے

وزیر اعلیٰ سندھ

میں نے تجویز دی ہے کہ فیکٹریز کو اضافی شفٹ چلانے پر بجلی سستی دی جائے، اگر فیکٹریز میں اضافی شفٹ چلے گی تو روزگار بھی ملے گا، معیشت کی بہتری کیلئے وفاقی حکومت اقدامات کر رہی ہے، سید مراد علی شاہ کی وفد سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ معیشت کی بہتری کیلئے وفاقی حکومت اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید سید مراد علی شاہ سے پاکستان بزنس کونسل کے وفد کی ملاقات ہوئی۔ وفد میں چیئرمین شبیر دیوان، وائس چیئرمین مس زیلف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے متحدہ عرب امارات کے سفیر حامد عبید الزابی کی ملاقات کررہے ہیں

کراچی لیاقت آباد میں سیوریج کے مسائل سنگین

جابجا ابلتے گٹر اور غلاظت کے ڈھیر

لیاقت آباد میں رہائشی یونٹس کے علاوہ ایک بڑا علاقہ کاروباری مارکیٹس پر مشتمل ہے۔ اس میں الیکٹرک، صرافہ، کپڑے، برتنوں سمیت دیگر اشیا کی ہول سیل مارکیٹ کے علاوہ اجناس کی بڑی مارکیٹ اور فوڈ اسٹریٹ موجود ہیں، تاجر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد میں سیوریج کے مسائل سنگین صورت حال اختیار کر گئے ہیں، جس کے نتیجے میں جابجا ابلتے گٹر اور غلاظت کے ڈھیر دکھائی دے رہے ہیں، جس سے شہریوں کا جینا دوبھر ہو چکا ہے۔ شہر قائد کے مرکز میں واقع لیاقت آباد کا شمار گنجان آبادی کے حامل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن کی ہیلپنگ ہینڈ کی جانب سے منعقدہ تقریب میں شرکت

ہیلپنگ ہینڈ لوگوں میں خوشیاں بانٹ رہی ہے جو قابل ستائش ہے، سید محمد مظفر کا تقریب سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر کی ہیلپنگ ہینڈ کی جانب سے منعقدہ تقریب تقسیم تحائف میں شرکت، ہیلپنگ ہینڈ کی جانب سے ضرورت مند (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

قلات میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) قلات میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ قلات کے علاقے نرمک میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ لیویز ذرائع نے واقعے کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے شخص (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

میرپور خاص، ڈاکٹر شاہنواز کے بیٹے کو دل کی جان لیوا بیماری کا سامنا

ڈاکٹر شاہنواز بیٹے کو علاج کے لیے بیرون ملک لے جانا چاہتے تھے لیکن مہلت نہ مل سکی

میرپور خاص (اسٹاف رپورٹر) میرپور خاص میں جعلی پولیس مقابلے میں قتل کئے گئے ڈاکٹر شاہنواز کا 9 سالہ بیٹا دل کے سوراخ جیسی جان لیوا بیماری کا سامنا کر رہا ہے۔ ڈاکٹر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

محکمہ موسمیات کی کراچی میں تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ سندھ کے بیشتر مقامات پر آئندہ چند روز موسم گرم اور کہیں شدید گرم رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق سندھ کی ساحلی پٹی بالخصوص کراچی میں مطلع جزوی ابر آلود رہے گا اور تیز ہوائیں چلتی رہیں گی۔ جمعہ کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

لاپتہ شہری کیس: جے آئی ٹیز و صوبائی ٹاسک فورس کے اجلاس کی ہدایت

سرکاری افسر نے عدالت کو آگاہ کیا کہ جبری گمشدہ شہریوں کے اہلِ خانہ کی مالی معاونت کر دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے لاپتہ شہریوں کی بازیابی کے حوالے سے جے آئی ٹیز اور صوبائی ٹاسک فورس کا اجلاس کرنے کی ہدایت دے دی۔ عدالت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

getty images Credit: ASIF HASSAN

کراچی: پولیس مقابلوں میں 5 زخمیوں سمیت 8 ڈاکو گرفتار، دستی بم اور اسلحہ برآمد

عیدگاہ، قائد آباد، سہراب گوٹھ، بغدادی اور کلری پولیس نے مقابلوں کے بعد 5 زخمیوں سمیت 8 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے دستی بم، اسلحہ، چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور دیگر مسروقہ سامان برآمد

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

43 کالجز میں اگلے سال بیچلرز پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ

سرکاری کالجز سے کم فیس میں 4 سال کا بیچلرز پروگرام مکمل کیا جا سکے گا، محکمہ تعلیم سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے مزید 43 کالجز میں 2025 سے 4 سال کا بیچلرز پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ محکمہ تعلیم سندھ کے مطابق بیچلرز پروگرام شروع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی کے شہریوں کے نام بڑی تعداد میں غیر قانونی سمیں جاری ہونے کا انکشاف

گرفتار ملزمان سے بڑی تعداد میں غیر قانونی سمیں برآمد کرلی گئی ہیں اور گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جارہی ہے، ایس ایس پی سینٹرل ذیشان شفیق صدیقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے شہریوں کے نام پر بڑی تعداد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

خان صاحب ضد چھوڑ کر آصف زرداری کے ہاتھ پر سیاسی بیعت کرلیں، راجہ پرویز اشرف

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم اور پیپلزپارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ خان صاحب ضد چھوڑ کر آصف زرداری کے ہاتھ پر سیاسی بیعت کرلیں۔ راجہ پرویز اشرف کا کہنا تھا کہ پاکستان کو آگے لے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

آسٹریلوی سرمایہ کاروں کی پاکستان میں سرمایہ کاری پر مکمل معاونت کریں گے، نواز شریف

لاہور (بیورو رپورٹ) صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ آسٹریلوی سرمایہ کاروں کی پاکستان میں سرمایہ کاری پر مکمل معاونت کریں گے۔ صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف سے آسٹریلوی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)



اسلام آباد پر دھاوا بولا جا رہا ہے، اس چیز کی اجازت نہیں دے سکتے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ کسی کی خواہش پر پورا ملک بند نہیں کر سکتے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈی چوک میں میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے گڈز ٹرانسپورٹرز کا وفد ملاقات کررہا ہے

گڈز ٹرانسپورٹرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سے پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان کے ہمراہ وفد کی ملاقات * پنجاب کے علاقوں میں گاڑیوں کی پکڑ دھکڑ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی میں اچانک موبائل انٹرنیٹ سروس بند، صارفین کو مشکلات کا سامنا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں جمعہ کو اچانک موبائل انٹرنیٹ سروس بند ہونے سے صارفین کو سوشل میڈیا ایپس کے استعمال میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں موبائل اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

غیر معیاری چاولوں کی ایکسپورٹ: 72 رائس ملز کیخلاف تحقیقات کا آغاز

تحقیقات کے لیے ایف آئی اے کے مختلف زونز کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مختلف ممالک میں ناقص اور غیر معیاری چاولوں کی ایکسپورٹ کے حوالے سے ایف آئی اے نے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ ایف آئی اے نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

حکومت آئینی ترمیم پاس کروانے میں منحرف اراکین کے ووٹوں پر انحصار نہ کرے، رضا ربانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی نے کہا ہے کہ حکومت آئینی ترمیم پاس کروانیمیں منحرف اراکین کے ووٹوں پر انحصار نہ کرے۔ رضا ربانی نے اپنے بیان میں کہا کہ آرٹیکل 63 اے کا اصل مقصد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

کراچی: شہر قائد میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہری کے الیکٹرک کیخلاف روڈ بلاک کر کے احتجاج کر رہے ہیں

ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں اضافہ جاری

ایک ہفتے میں 20 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا جبکہ ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں 23 روپے تک اضافہ ہوا جبکہ پیاز فی کلو 9 روپے تک مہنگی ہوئی، ادارہ شماریات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں اضافہ جاری ہے۔ ایک ہفتے میں مہنگائی کی شرح میں 0.44 فیصد کا اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کردیے۔ ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق مہنگائی کی مجموعی شرح 13.18 فیصد تک پہنچ گئی جبکہ ایک ہفتے میں 21 اشیا کی قیمتوں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کا کے الیکٹرک کے سب اسٹیشن پر حملہ

متعدد علاقوں میں ٹریفک جام

مشتعل عوام نے خداداد کالونی سگنل سے نمائش چورنگی تک سڑک بند کر دی، لائنز ایریا کے مکین بھی بجلی کی بندش پر سڑکوں پر نکل آئے، کورنگی و رتھری سے صدر آنے اور جانے والی شاہراہ بھی احتجاج کے سبب بند ہے، رپورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں پارکنگ پلازہ کے قریب عوام نے کے الیکٹرک کے سب اسٹیشن پر حملہ کر دیا۔ لائنز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

فردوس شمیم پولیس کو دیکھ کر بھاگ نکلے، اہلکار پیچھے دوڑتے رہے

پی ٹی آئی رہنما فردوس شمیم نقوی نے مختلف ٹی وی چینلز کو انٹرویوز دیئے تھے اور انہوں نے پولیس کو گرفتار کرنے کا چیلنج بھی دیا تھا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) احتجاج کے لیے ڈی چوک جانے والے پی ٹی آئی رہنما فردوس شمیم نقوی پولیس سے بچ نکلنے میں کامیاب ہوگئے، اہلکاران کی گاڑی کے پیچھے دوڑے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

حکومت سندھ کی گرین لائن بس سروس کے آپریشنز سنبھالنے کی تیاریاں مکمل

پہلے سے جاری حکومت سندھ کے پبلک ٹرانسپورٹ کے منصوبوں کی وجہ سے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے، پبلک ٹرانسپورٹ کراچی کا دیرینہ مسئلہ رہا ہے، چاہتے ہیں کہ ٹرانسپورٹ کے نظام میں مزید بہتری لائی جائے، شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے گرین لائن بس سروس کے آپریشنز سنبھالنے کے لیے تیاریاں مکمل کرلی، وفاقی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

جناح پوسٹ گریجویٹ سینٹر وفاق کے سپرد کرنے کا معاملہ، فوری سماعت کی استدعا منظور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے جناح پوسٹ گریجویٹ سینٹر کو وفاق کے سپرد کرنے کے لیے درخواست کی فوری سماعت کی استدعا منظور کر لی۔ عدالت نے سندھ حکومت، وفاقی حکومت اور دیگر سے 4 ہفتوں میں جواب طلب کر لیا۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا ہے کہ 2 اداروں کے تنازع میں ملازمین کو مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

پی آئی اے میں 13 برس سے کوئی بھرتی نہیں ہوئی، جی ایم

یورپ اور برطانیہ کی پروازوں پر پابندیوں سے پی آئی اے کو شدید نقصان کا سامنا ہے، پی آئی اے میں بروقت طیاروں کی شمولیت نہیں کی جاسکی، جنرل منیجر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جنرل منیجر پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کا کہنا ہے کہ غیرملکی ایئرلائنز مختلف شہروں کے لیے اضافی پروازوں کی اجازت سے پی آئی اے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

ایک تولہ سونا ملکی تاریخ کی بلند سطح پر پہنچ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملکی صرافہ مارکیٹوں میں پہلی بار سونے کی قیمت تاریخ کی بلند ترین سطح پر جا پہنچی۔ سپریم کونسل جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق جمعہ کو ملکی صرافہ مارکیٹوں میں ایک تولہ سونے کی قیمت میں 1800 روپے کا ریکارڈ اضافہ ہوا جس کے بعد ایک تولہ سونے کی قیمت لاکھ 76 ہزار 200 روپے پر جا پہنچی جبکہ 1543 روپے کے اضافے سے دس گرام سونے کی قیمت 2 لاکھ 36 ہزار کا ہوگیا۔

پی ٹی آئی کی قیادت پاکستان کو کمزور کرنا چاہتی ہے، ارضِ وطن پاکستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جہان دنیا میں مسلمانوں کو کمزور کرنے کی سازش اسرائیل کر رہا ہے وہیں پی ٹی آئی کی قیادت پاکستان کو غیر مستحکم کرنے چاہتی ہے صدر ارض (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

وزیر داخلہ، آئی جی سندھ اور کراچی پولیس چیف کے امن کے بھاشن بیکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ، آئی جی سندھ اور کراچی پولیس چیف کے امن کے بھاشن بیکار کراچی کے شہریوں کی جان و مال دونوں غیر محفوظ ہیں، شہر میں چھینا جھپٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

کیا پی ٹی آئی شنگھائی تعاون تنظیم کو بھی سبوتاژ کرنا چاہتی ہے؟ شیری رحمان

اسلام آباد اور لاہور میں لوگوں کی عدم شرکت کے بعد تحریک انصاف کو احتجاج کی سیاست چھوڑ کر خیبر پختون خوا میں اپنی حکومت پر توجہ دینی چاہیے تھی، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کی نائب صدر اور سینیٹر شیری رحمان کا کہنا ہے کہ تحریک ان صاف کے اسلام آباد میں دھرنوں کی وجہ سے چینی صدر کا دورا منسوخ ہوا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

لیبر کالونی میں فلیٹ کی غیر قانونی خرید و فروخت، جعلساز، قبضہ مافیا کا آپس میں ٹکراؤ

سکھر (اسٹاف رپورٹر) لیبر کالونی میں فلیٹ کی غیر قانونی خرید و فروخت، جعلساز، قبضہ مافیا کا آپس میں ٹکراؤ، فلیٹ خریدنے والے لوٹ گئے، فروخت کنندہ نے جعلی دستاویزات تھما دیئے، متاثرہ افراد کا سکھر پریس کلب پر احتجاجی مظاہرہ، نعرے بازی، بالا حکام سمیت منتخب نمائندگان سے نوٹس لینے کا مطالبہ، سید زاہد شاہ بخاری اور شہزاد مغل کے درمیان فلیٹ کی خرید و فروخت کا تنازعہ کئی ماہ سے چل رہا ہے۔

جیکب آباد سول ہسپتال میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے بچی جاں بحق، ورثا کا احتجاج

جیکب آباد (اسٹاف رپورٹر) جیکب آباد سول ہسپتال میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے بچی جاں بحق، ورثا کا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی سول ہسپتال کے ڈاکٹر کی مبینہ غفلت سے بچی کے فوت ہونے پر سخت احتجاج کیا گیا بھائی امیر حمزہ نے سول ہسپتال کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ میری بہن ساتویں جماعت کی طالبہ فضا میمن کو سر میں درد کی باعث سول ہسپتال لایا گیا۔

سہراب گوٹھ کے قریب دو بچوں کی نالے میں میں ڈوبنے کی اطلاع

سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول ریسکیو 1122 کو اطلاع موصول ہوتے ہی واٹر ریسکیو ٹیم بمع ایمبولینس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، واٹر ریسکیو آپریشن جاری ہے، ترجمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سہراب گوٹھ کے قریب دو بچوں کی نالے میں میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

روس کا بڑا اقدام، طالبان کو دہشتگردوں کی فہرست سے نکالنے کا فیصلہ

فیصلے کو حقیقت میں تبدیل کرنے کے لیے مختلف قانونی طریقہ کار پر عمل کرنے کی ضرورت ہوگی

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس کی وزارت خارجہ نے صدر ولادیمیر پوٹن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

پی آئی اے کی ائر ہوسٹس کروڑوں کے موبائل فون اسمگل کرتے ہوئے پکڑی گئی

پرواز پی کے 204 کے مسافر میاں بیوی اور ائر ہوسٹس سے درجنوں موبائل فونز اور لیپ ٹاپ ملے۔ اسمگل شدہ سامان کی مالیت تقریباً 2 کروڑ بتائی جاتی ہے، کسٹمز حکام

لاہور (بیورو رپورٹ) علامہ اقبال انٹرنیشنل ائرپورٹ پر کسٹمز نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

پاکستان ریلوے میں جعلی بھرتیاں، فرضی ڈیوٹی لگا کر لاکھوں روپے لوٹے گئے

ایک ماہ فرضی ڈیوٹیاں کرنے کے بعد تنخواہیں مانگنے پر فراڈ کا انکشاف ہو، متاثرہ افراد کی جانب سے درخواست ملنے پر ریلوے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے میں جعلی بھرتیوں کے اسکینڈل کا انکشاف ہوا ہے، جس میں فرضی ڈیوٹیاں لگا کر لوگوں سے لاکھوں روپے لوٹ لیے گئے۔ ذرائع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی: 10ویں چیف آف نیول اسٹاف امیچور گالف چمپئن شپ کے موقع پر گالفر اپنے کھیل کا مظاہرہ کررہے ہیں

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن رزاق آباد ٹریننگ سینٹر میں آڈیٹوریم ہال کا افتتاح کر رہے ہیں، دوسری جانب پاسنگ آؤٹ پریڈ میں کیڈٹس کو میڈل پہنا رہے ہیں

قائد کے شہر سے

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر علی منصور

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریو ریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

بدتمیزی کلچر سے قانون کے آہنی ہاتھوں کے ساتھ نمٹنے کی ضرورت

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس مسٹر جسٹس قاضی فائز عیسی کی سربراہی میں عدالت عظمی کے پانچ رکنی لارجر بنچ نے آئین کی دفعہ 63-اے کی تشریح سے متعلق کیس میں بنچ کی تشکیل پر پی ٹی آئی کی جانب سے اٹھایا گیا اعتراض گزشتہ روز مسترد کردیا۔ دفعہ 63-اے کی تشریح کے فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن اور حکومت کی دائر کردہ نظرثانی کی درخواست پر بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے اعتراضات داخل کرائے گئے ہیں۔ گزشتہ روز بانی پی ٹی آئی کی اس درخواست کی چیف جسٹس کی سربراہی میں قائم عدالت عظمی کے وسیع تر بنچ کے روبرو سماعت ہوئی۔ دوران سماعت پی ٹی آئی کے وکیل سید علی ظفر نے بنچ کی تشکیل کو غیرقانونی قرار دیا اور کہا کہ یہ بنچ ترمیمی آرڈی ننس کے مطابق بھی درست نہیں۔ دوران سماعت پی ٹی آئی کے ایک دوسرے وکیل طیب مصطفین کاظمی نے فاضل بنچ کو دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ عدالت کے باہر پانچ سو وکیل کھڑے ہیں دیکھتا ہوں یہ بنچ پی ٹی آئی کیخلاف کیسے فیصلہ دیتا ہے۔ اس پر فاضل چیف جسٹس نے وکیل سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ ملکی اداروں کو اس طرح دھمکی دیکر چلانا چاہتے ہیں۔ میرا قصور صرف یہ ہے کہ میں نے ہمیشہ برداشت کا مظاہرہ کیا ہے۔ میری عدم برداشت کی تربیت ہی نہیں ہے۔ فاضل چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ چاہے کوئی جتنا مرضی ہمیں برا بھلا کہتا رہے ہم کیس چلائیں گے۔ اس پر طیب مصطفین نے دوبارہ توہین آمیز لہجہ اختیار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی اس کیس میں متاثرہ ہے۔ اس عدالتی بنچ کی تشکیل درست نہیں ہوئی فاضل چیف جسٹس نے اس پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے حکم دیا کہ پولیس کو بلایا جائے۔ اس پر وکیل نے دوبارہ بدتمیزی کے ساتھ کہا کہ بلائیں پولیس کو۔ آپ کا کام ہی یہی ہے۔ فاضل چیف جسٹس نے کہا کہ ہم اپنی توہین برداشت نہیں کرینگے۔ اس دوران بنچ کے فاضل رکن جسٹس مظہر عالم نے وکیل سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ عدالت میں کھڑے ہوکر سیاسی باتیں نہ کریں۔ اس پر متذکرہ وکیل عدالت سے باہر جانے لگے تو فاضل جج نے ریمارکس دیئے کہ اب دیکھئے گا کچھ یوٹیوبرز بھی انکے ساتھ ہی باہر جائیں گے اور پھر تبصرے ہونگے۔ لگتا ہے عدالت میں جو ہوا اس سے ان کا مقصد پورا ہوگیا۔ دوران سماعت بنچ کے فاضل رکن جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ یہ ٹرینڈ بن چکا ہے فیصلہ پسند نہ ہو تو عدالتی بنچ پر ہی انگلیاں اٹھانا شروع کردو۔ ہم یہاں عزت کے کیلئے بیٹھے ہیں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں کہ جس کے دل میں جو آئے کہتا چلا جائے۔ آئینی اداروں کو دھمکیاں لگانے کا سلسلہ بند کریں۔ کہا جاتا ہے کہ عدلیہ میں دو گروپ بنے ہوئے ہیں۔ کیا ہم قومی اسمبلی یا سینیٹ کے ممبران ہیں جو گروپنگ کرینگے۔ چند لوگ ملک یا اداروں میں ہیں جو چاہتے ہیں کہ پاکستان اسی طرح چلایا جائے۔ دوران سماعت فاضل چیف جسٹس اور پی ٹی آئی کے وکیل سید علی ظفر کے مابین بھی بعض الفاظ کا تبادلہ ہوا۔ فاضل چیف جسٹس نے سید علی ظفر کو باور کرایا کہ میں نے آج تک آپ کے لہجے میں تلخی نہیں دیکھی اگر میں سینئر پیونی جج کی حیثیت سے چیمبر ورک پر گیا تھا تو میرے اعمال میں شفافیت تھی۔ میں سمجھتا تھا کہ قانون کو بل کی سطح پر معطل نہیں ہونا چاہیے۔ کیا ہم فل کورٹ میٹنگ بلا کر ایک قانون کو ختم کر سکتے ہیں۔ میری نظر میں میرے ایک کولیگ نے جو لکھا وہ آئین اور قانون کے دائرے میں نہیں تھا۔ کل میں میٹنگ میں بیٹھنا چھوڑ دوں تو کیا سپریم کورٹ بند ہو جائیگی۔ فاضل چیف جسٹس نے باور کرایا کہ یہاں تو رجسٹرار کے ذریعے بھی فیصلے ختم کرائے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس کیس کی سماعت کے دوران پی ٹی آئی کے کارکنوں نے بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر عدالت کے باہر مخالفانہ نعرے بازی بھی کی۔ سپریم کورٹ کی ہدایت پر گزشتہ روز سید علی ظفر ایڈووکیٹ نے اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات بھی کی اور ان سے دفعہ 63-اے نظر ثانی کیس پر مشاورت کی۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ سیاست میں اختلاف رائے کا اظہار جمہوریت کے حسن سے تعبیر ہوتا ہے مگر بدقسمتی سے گزشتہ ایک دہائی سے اخلاق و شائستگی والی تمام سیاسی اقدار کا الٹ پھیر ہوگیا ہے اور بلیم گیم کی سیاست میں بدتمیزی کے کلچر نے ایسی جڑ پکڑی ہے کہ ادارہ جاتی سربراہوں اور مخالف سیاسی قیادتوں سمیت ہر کسی کی پگڑی اچھالنا ہی سیاسی مقبولیت کی ضمانت سمجھ لیا گیا ہے۔ اس کلچر کو بانی پی ٹی آئی عمران خان نے خود فروغ دیا جو عامیانہ انداز میں اپنے سیاسی مخالفین کا نام بگاڑ کر انہیں رعونت بھرے لہجے میں مخاطب ہوتے رہے اور انہوں نے خواتین سیاست دانوں کے تقدس کی پاسداری بھی کبھی ضروری نہیں سمجھی۔ اگر انکی مخالف سیاسی جماعتوں کی جانب سے بھی ان سے اسی لب و لہجے میں مخاطب ہونے کا سلسلہ شروع کردیا جاتا تو ملک میں عملاً خانہ جنگی کی فضا پیدا ہو جاتی مگر اپنے مخالفین کی معاملہ فہمی والی پالیسی کو بھی پی ٹی آئی قائد نے انکی کمزوری سے تعبیر کرتے ہوئے مزید عامیانہ اور جارحانہ لب و لہجہ اختیار کرلیا جو زمین پر فساد برپا کرنے کے زمرے میں آتا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کے اس طرز عمل کی پیروی کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے دوسرے عہدیداروں اور کارکنوں نے بھی سیاست میں اسی بدتمیزی کلچر کو اپنالیا چنانچہ وہ راہ چلتے کسی شخصیت کو تضحیک کا نشانہ بنانا اپنی پارٹی کی سیاست کا ہی حصہ سمجھتے ہیں۔

کراچی میں بارش سے متاثرہ سڑکوں کی تعمیر کا کام شروع

شہر کے انفرا اسٹرکچر کو جلد از جلد بہتر بنانا ترجیحات میں شامل ہے اور اس حوالے سے بلدیہ عظمی کراچی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے گی، میئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب نے کہا ہے کہ کراچی میں بارش سے متاثرہ سڑکوں کی تعمیر کے لئے ٹینڈرنگ اور اسکروٹنی کا عمل مکمل ہونے کے بعد ٹھیکے حاصل کرنے والی کمپنیز کو تعمیراتی کام شروع کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے، پہلے فیز میں شہر کی 33 سڑکیں تعمیر کی جارہی ہیں جبکہ شہر کی مختلف سڑکوں پر اسٹریٹ لائٹس کے نظام کو بھی جدید بنایا جارہا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق میئر کراچی نے کہا کہ تمام کمپنیز کو واضح ہدایت کردی ہے کہ سڑکوں کی تعمیر میں کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غیر معیاری میٹریل استعمال نہیں ہونا چاہیے، بصورت دیگر اس کی ذمہ دار کمپنی کو فوری بلیک لسٹ کردیا جائے گا، کراچی میں جن 33 سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے کام انجام دیے جارہے ہیں ان میں حب ریور روڈ، شاہراہ اورنگی، مدینۃ الحکمت روڈ، لال شہباز قلندر روڈ محمود روڈ، کشمیر روڈ، نظامی روڈ، خوشحال خان روڈ، رازی روڈ، پی ای سی ایچ ایس، ایکسپو سینٹر سے نیشنل اسٹیڈیم تک جانے والی سڑک، بابائے خیبر روڈ سے مومن آباد پولیس اسٹیشن، میٹروول کی سمیت دیگر سڑکیں شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چاندنی چوک اور کامران چورنگی، گلشن چورنگی کی مرمت کے علاوہ ناظم آباد، طارق روڈ اور عمر شریف انڈر پاس اور یاسین آباد، ناتھا خان، ڈرگ روڈ، نیپا، سہراب گوٹھ، گولیمار اور پاکستان کوارٹر، بلوچ کالونی اور کارساز کے پلوں کی مرمت بھی کی جارہی ہے، اس کے علاوہ جن سڑکوں پر اسٹریٹ لائٹس کی بحالی اور مرمت کا کام کیا جارہا ہے ان میں شاہ ولی اللہ روڈ، اتحاد ٹاؤن روڈ، بلدیہ اسٹیڈیم روڈ، گلشن اقبال بلاک 13-D روڈ، ملیر 15، ریلوے گیٹ، ابراہیم حیدری روڈ، بہادر یار جنگ روڈ، کورنگی، اولڈ کوئن روڈ، کلب روڈ، آئی آئی چندریگر روڈ، سندھ سیکریٹریٹ روڈ، گلستان جوہر، کانٹی نینٹل بیکری، کامران چورنگی، میڈی کیئر اسپتال شرف آباد، نیوٹان پولیس اسٹیشن، پی آئی بی کالونی روڈ اور دیگر سڑکیں شامل ہیں جبکہ حب ریور روڈ اور بابائے خیبر روڈ کی مرمت کے ساتھ سیوریج نظام کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب نے کہا کہ شہر کے انفرا اسٹرکچر کو جلد از جلد بہتر بنانا ترجیحات میں شامل ہے اور اس حوالے سے بلدیہ عظمی کراچی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے گی، سڑکوں، پلوں، انڈر پاسز اور چورنگیوں کو بہتر بنانے سے ٹریفک کی روانی میں حائل رکاوٹیں دور ہوں گی اور اندرون شہر سفری دورانیے میں واضح کمی ہوگی اور ٹریفک جام کے مسائل میں کمی آنے کے ساتھ شہریوں کا قیمتی ایندھن بھی بچایا جاسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کے تجربات کو پیش نظر رکھتے ہوئے سڑکوں اور دیگر بنیادی انفرا اسٹرکچر کی تعمیر کے لئے موثر حکمت عملی وضع کی گئی ہے اور محکمہ انجینئرنگ کو واضح ہدایت کی ہے کہ ترقیاتی کاموں میں معیار کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہر کی تعمیر و ترقی کے لئے مخصوص کیئے جانے والے فنڈز کے ضیاع کو روکا جاسکے۔ مرتضی وہاب نے کہا کہ انفرا اسٹرکچر کو قابل استعمال بنانے کے ساتھ ساتھ اس امر کو بھی مدنظر رکھنا ہے کہ تعمیر ہونے والا انفرا اسٹرکچر پائیدار ثابت ہو اور شہری طویل عرصے تک اس سے مستفید ہوسکیں، ناقص انفرا اسٹرکچر کے نتائج کراچی کے شہری ماضی میں بھگت چکے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہم نے بلدیہ عظمی کراچی کی باگ دوڑ سنبھالنے کے فورا بعد شہر کی تعمیر و ترقی اور انفرا اسٹرکچر کی بحالی کے لئے ترجیحات متعین کیں اور کے ایم سی کے محکموں کو اس بات کا پابند بنایا کہ اس کے مطابق تمام کاموں پر عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی کے شہری خود دیکھ سکتے ہیں کہ شہر کے مسائل کو حل کرنے کے لئے بلدیاتی نمائندے کوشاں ہیں اور ترقیاتی عمل کو موثر اور جامع بنانے کے لئے شہر کے تمام متعلقہ اداروں کو ساتھ لے کر چلنے کی کوششیں کی جارہی ہیں جس سے امید ہے کہ آنیوالے وقت کراچی کیلئے بہتر ہوگا۔



ابراہیم حیدری پولیس نے گٹکا ماوا فروخت کرنے میں ملوث انتہائی مطلوب ملزمان کو گرفتار کرلیا

کراچی (کرائم رپورٹر) ابراہیم حیدری پولیس نے گٹکا ماوا فروخت کرنے میں ملوث انتہائی مطلوب ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس نے دوران گشت حیدری گوٹھ کے قریب سے دو ملزمان کو گرفتار کیا ملزمان کی شناخت آصف ولد بشیر، شفیق ولد مختیار کے نام سے ہوئی۔ ملزمان کے قبضے سے 17 کلو سے زائد گٹکا ماوا برآمد ہوا۔ گرفتار ملزمان علاقے میں خفیہ جگہوں پر گٹکا ماوا فروخت کرتے تھے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔



ویسٹ پولیس کا مومن آباد ایرانی کیمپ میں منشیات فروشوں کیخلاف سرچ آپریشن

کراچی (کرائم رپورٹر) اورنگی ٹاؤن، مومن آباد، ایرانی کیمپ میں منشیات فروشوں کا پولیس اہلکاروں پر حملے کا معاملہ۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق مومن آباد کے علاقے ایرانی کیمپ میں پولیس کا سرچ آپریشن کیا گیا۔ ٹارگیٹڈ سرچ آپریشن کے دوران علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کو سیل کرکے تلاشی لی گئی، بائیومیٹرک ڈیوائس کی مدد سے مشتبہ افراد کی تصدیق بھی کی گئی، سرچ آپریشن کے دوران دو مفرور و مطلوب خاتون ملزمہ سمیت 12 مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔



میٹرک بورڈ نے دہم جماعت سائنس گروپ کے نتائج کا اعلان کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میٹرک بورڈ نے دہم جماعت سائنس گروپ کے نتائج کا اعلان کردیا طلباو طالبات نتائج آج رات گئے تک بورڈ کی ویب سائٹ پر دیکھ سکیں گیا۔ اس سال کامیابی کا تناسب 81.23 فیصد رہا، تمام پرچوں میں کامیاب امیدواروں کی تعداد 131614 رہی نتائج بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bsek.edu.pk پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں کراچی ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کے چیئرمین سید شرف علی شاہ کی خصوصی ہدایات پر قائم مقام ناظم امتحانات ظہیر الدین بھٹو نے جماعت دہم سائنس گروپ کے سالانہ امتحانات جماعت دہم برائے سال 2024 کے نتائج کے اجرا کا اعلان کر دیا۔ یہ نتائج بورڈ کی ویب سائٹ www.bsek.edu.pk پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس سال سائنس گروپ کے امتحانات میں 163012 امیدوار رجسٹرڈ ہوئے اور 162026 امیدوار امتحانات میں شریک ہوئے جبکہ 933 امیدوار غیر حاضر رہے اور 29455 امیدوار فیل قرار پائے۔ اس سال سائنس گروپ میں دہلی گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول کریم آباد ایف بی ایریا کے حافظ عبدالرافع ولد طارق محبوب رول نمبر 310773 نے 94.55 فیصد نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن، اسی طرح الخلیل ماڈل اسکول شمسی سوسائٹی ملیر ہالٹ کی رومیسہ عمران بنت محمد عمران رول نمبر 453587 نے 94.27 فیصد نمبر حاصل کئے۔



BOARD OF SECONDARY EDUCATION KARACHI

The combined Top 3 Positions (Male / Female) secured by the candidates at Secondary School Certificate S.S.C. Part - II Annual Examination, 2024 (Science Group) held by the Board of Secondary Education, Karachi are declared, provisionally as under:-

COMBINED TOP THREE POSITIONS IN ORDER OF MERIT

Roll No	Name	Father Name	School	Marks - % - Grade	Position	Picture
310773	HAFIZ ABDUL RAFAY TARIQ	TARIQ MEHBOOB	B09001 DEHLI GOVT BOYS SECONDARY SCHOOL, KARIMABAD, F.B. AREA	1040 - 94.55% - A1	1st	
453597	RUMAISA IMRAN	MUHAMMAD IMRAN	G20124 AL KHALIL MODEL SCHOOL, D-167,168, SHAMSI SOCIETY, MALIR HALT, KARACHI	1037 - 94.27% - A1	2nd	
432054	RUKHSAR	ABDULLAH	G05048 LITTLE FOLK'S SCHOOL, F-122, BLOCK-F, NORTH NAZIMABAD	1025 - 93.18% - A1	3rd	

The Board reserves the right of rectifying the mistakes / errors and omissions in the positions / results at any time on the basis of the original record of the Board.

حکومتی معاشی بہتری کے دعوؤں کا فائدہ عام آدمی کو نہیں پہنچ رہا، محمد شاداب رضا نقشبندی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ حکومتی معاشی بہتری کے دعوؤں کا فائدہ عام آدمی کو نہیں پہنچ رہا، عوام کو خورد و نوش سمیت کسی بھی اشیاء پر قیمتیں کم نہیں کی گئیں، ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کا نہ ہونا اور عام آدمی کو ریلیف نہ ملنا حکومتی دعوؤں کی نفی کرتا ہے، مہنگائی کو ختم اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے حکومت کو اقدامات کرنا ہونگے، معاشی بہتری کے دعوؤں سے کام نہیں چلے گا حکومت عام آدمی کو مہنگائی میں کمی کا فائدہ پہنچائے، بجلی، گیس کے بل آج بھی عام آدمی کی قوت سے باہر ہوچکے ہیں، غریب نوکری پیشہ عوام بھاری بھرقم بجلی وگیس کے بل ادا کریں یا اپنے گھر چلائیں، پیٹرول کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے باوجود بجلی وگیس کی قیمتوں میں کوئی کمی نہیں کی گئی، بجلی وگیس کے بلوں میں بجلی سے استعمال سے زیادہ ٹیکس وصول کئے جارہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے معاشی بہتری اور مہنگائی پر کنٹرول پانے کے حکومتی دعوؤں پر تبصرہ کرتے ہوئے کیا۔

ڈسٹرکٹ سٹی، ایس ایس پی سٹی آفس بغدادی کمپلیکس کرائم میٹنگ کا انعقاد

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سٹی، کرائم میٹنگ کا انعقاد ایس ایس پی سٹی آفس بغدادی کمپلیکس میں کیا گیا، میٹنگ کی قیادت ایس ایس پی سٹی عارف عزیز نے کی میٹنگ میں ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز شریک تھے۔ نارکوٹکس پیڈلرز کی جاری کردہ A کیٹیگری لسٹ کے ملزمان کے خلاف کاروائیاں کی جائیں اور گٹکا/ماوا جیسی ناسور کو ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے، اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے تمام تر ذرائع استعمال کرتے ہوئے اقدامات اٹھائے جائیں اور اسمگلنگ کو ختم کرنے کیلئے Efforts کی جائیں۔ موٹر سائیکل اسنیچنگ/لفٹنگ کے واقعات کو کم کرنے کیلئے کاروائیوں کو تیز کیا جائے، Po's/Abs اور Repeat Offenders کے خلاف آپریشن کرکے ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے۔ آپریشن ونگ اور انویسٹ ونگ ملکر Po's/Abs کی جاری کردہ لسٹوں پر کام کریں اور ملزمان کو گرفتار کیا جائے، ملزمان کے گرفتار ہونے کے بعد StepByStep انکوائری کو آگے بڑھایا جائے تاکہ کوئی بھی Hint مس نہ ہو پائے۔ گٹکا/ماوا سپلائرز کے خلاف ٹارگیٹڈ CCTV فوٹیجز کی مدد حاصل کی جائے اور CCTV فوٹیجز کی مدد سے ملزمان کی نشاندہی کی جائے تاکہ ملزمان کو گرفتار کرکے موٹر سائیکل اسنیچنگ/لفٹنگ پر قابو پایا جاسکے SDPO's کی سربراہی میں کامبنگ آپریشنز کیئے جائیں اور کامبنگ آپریشنز کو موثر بنانے کیلئے اقدامات کیئے جائیں، اسنیپ چیکنگ کو موثر اور کارآمد بنانے کیلئے اپنے پوائنٹس تبدیل کرتے رہا کریں اور ہاٹ اسپاٹ پوائنٹس پر اسنیپ چیکنگ کی جائے۔

کیماڑی اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل کی خفیہ اطلاع پر کارروائی، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل کی خفیہ اطلاع پر کارروائی۔ پوش علاقوں میں منعقدہ ڈانس پارٹیوں میں آئس اور نشہ آور گولیاں (dancig pills) سپلائی کرنے والے دو ملزمان گرفتار۔ ایس ایس پی کیماڑی۔ ملزمان کے قبضے سے برآمدہ بیگ سے 50 گرام آئس اور 400 عدد نشہ آور گولیاں (ڈانسنگ پلز) برآمد ہوئیں۔ کیپٹن (ر) فیضان علی۔ ملزمان کی شناخت 1-محمد ایاز ولد معین الدین اور 2-جنید ولد محمد اکبر کے ناموں سے ہوئی۔ ایس ایس پی کیماڑی۔ ملزمان نے دوران انٹروگیشن نشہ آور گولیاں پشاور kpk سے بذریعہ کارگو سروس منگوانے کا انکشاف کیا۔ کیپٹن (ر) فیضان علی۔ برآمدہ منشیات اور گولیاں پوش علاقوں میں منعقدہ ڈانس پارٹیوں میں فروخت کی جاتی ہیں۔ ایس ایس پی کیماڑی۔ نشہ آور ادویات مختلف مقامات پر آن کال فراہم کی جاتی ہیں۔ کیپٹن (ر) فیضان علی۔ ملزمان کو انچارج اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل سب انسپکٹر راجہ خالد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے بڑا بورڈ منگھوپیر روڈ سے گرفتار کیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ پاک کالونی میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔



ضلع وسطی میں پولیو ورکرز کی خدمات کے اعتراف میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد تقریب کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع وسطی کو پولیو سے پاک ضلع بنانے کے لیے انسداد پولیو کی مہم میں بھرپور حصہ لینے والے ورکرز کو روٹری کلب انٹرنیشنل ارگنائزیشن اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی تعریفی اسناد و ایوارڈ پیش کرنے کے لئے کراچی ڈینٹل اینڈ میڈیکل کالج نارتھ ناظم آباد کے آڈیٹوریم میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی روٹری کلب انٹرنیشنل ارگنائزیشن کے صدر ماریو مارٹن تھے روٹری کلب انٹرنیشنل ارگنائزیشن کے صدر ماریو مارٹن و دیگر مقررین نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی سطح پر چلائی جانے والی ہر مہم کی کامیابی کا سہرا فیلڈ ورکرز کی جانفشانی اور انتھک محنت کا ثمر ہوتی ہے۔ اسی طرح ضلع وسطی میں چلنے والی پولیو مہم کی کامیابی میں پولیو ورکرز نے ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خلاف جنگ میں پولیو ورکرز ہی اصل ہیرو ہیں بعد ازاں روٹری کلب انٹرنیشنل ارگنائزیشن کی جانب سے پولیو ورکرز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طحہ سلیم نے پولیو ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انشااللہ ہم سب مل کر جلد پاکستان اور سندھ سے پولیو کے مرض کا خاتمہ کرنے میں کامیاب ہوں گے تقریب میں کوارڈینیٹر سندھ EOC ارشاد سوڈر ڈائریکٹر محمد فیض، ڈسٹرکٹ گورنر روٹری محمد رضوان ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ضلع وسطی سمیت پولیو ورکرز کی بڑی تعداد موجود تھی بعد ازاں ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی نے روٹری کلب انٹرنیشنل ارگنائزیشن کے صدر ماریو مارٹن کے ہمراہ پولیو ورکرز کی خدمات کے اعتراف میں پولیو ورکرز کو اعزازی شیلڈ اور سرٹیفکیٹ پیش کیے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی طہ سلیم نے روٹری کلب انٹرنیشنل کے صدر ماریو مارٹن کو یادگاری شیلڈ پیش کی اور ماریو مارٹن کا ضلع وسطی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

12 مئی کا سانحہ میں بھی کراچی میں بیگناہ شہریوں کو شہید کیا گیا، نثار احمد کھوڑو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو نے کہا ہے کہ 18 اکتوبر کارساز سانحہ کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے حیدرآباد میں ہٹڑی بائی پاس پر عظیم الشان جلسہ منعقد کیا جارہا ہے۔ جمہوریت میں جلسہ کرنا ہی جمہوریت کا حسن ہے۔ اس وقت کراچی اور حیدرآباد میں بلدیاتی ہو یا قومی و صوبائی نشستوں پر پاکستان پیپلز پارٹی نے سب سے زیادہ سیٹیں جیتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکرٹری سید وقار مہدی، پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے صدر و صوبائی وزیر سعید غنی، جنرل سیکریٹری جاوید ناگوری، سینئر نائب صدر مرزا مقبول، نجمی عالم، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹریز آصف خان، شکیل چوہدری، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز، ڈپٹی میئر، تمام ڈسٹرکٹ کے صدور، جنرل سیکرٹریز، سینئر نائب صدور و انفارمیشن سیکرٹریز، تمام ٹاؤنز و یوسیز کے چیئرمینز و وائس چیئرمینز، تمام ذیلی تنظیموں کے عہدیداران و دیگر بھی موجود تھے۔ اجلاس کے آغاز پر شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بینظیر بھٹو، شہید میر مرتضی بھٹو، شہید شاہنواز بھٹو، کے علاوہ پارٹی کے جاں بحق ہونے والے عہدیداران و کارکنان کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ اجلاس میں 18 اکتوبر کو حیدرآباد میں ہونے والے جلسہ عام کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نثار احمد کھوڑو نے کہا کہ 12 مئی کا سانحہ میں بھی کراچی میں بیگناہ شہریوں کو شہید کیا گیا اور 18 اکتوبر کا سانحہ بھی بے گناہ شہریوں کی شہادت کا دن ہے۔ نثار احمد کھوڑو نے کہا کہ آج پیپلز پارٹی کراچی میں ہر جگہ موجود ہے۔ 104 یوسیز پر کراچی میں ہم کامیاب ہوئے ہیں اور 25 میں سے اس وقت 13 ٹاؤنز پر پیپلز پارٹی کے ٹاؤنز کے چیئرمینز ہیں۔ نثار احمد کھوڑو نے کہا کہ کراچی کے کنٹونمنٹ میں بھی پیپلز پارٹی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کراچی اور حیدرآباد میں بلدیاتی ہو یا قومی 2 صوبائی انتخابات ہم نے میدان مارا ہے۔ نثار احمد کھوڑو نے کہا کہ سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایات پر حیدرآباد میں جلسہ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں جلسے کرنا ہی جمہوریت کا حسن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ جمعہ 18 اکتوبر کو سہ پہر 3.00 بجے، ہٹڑی بائی پاس پر منعقد ہوگا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکرٹری و وزیر اعلی سندھ کے معاون خصوصی سید وقار مہدی نے کہا کہ شہدا سانحہ کارساز کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ہونے والا جلسہ عام ایک تاریخی جلسہ ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے کارکنوں نے ماضی میں ہمیشہ ملک بھر ہونے والے جلسوں اور تقریبات میں نمایاں اور بھرپور شرکت کی ہے اور اس بار بھی بھرپور شرکت کریں گے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر بلدیات سندھ وصدر پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن سعید غنی نے کہا کہ اس بار چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے سانحہ 18 اکتوبر کے شہدا کی برسی کے سلسلے میں جلسہ عام حیدرآباد میں منعقد کیا جارہا ہے اور اس جلسہ عام میں کراچی سے تمام عہدیداران و کارکنان بھرپور طور پر شرکت کریں گے۔ سعید غنی نے کہا کہ جلسہ عام میں شرکت کے لئے تمام ڈسٹرکٹ و یوسی کی سطح پر اجلاس طلب کرکے تیاریوں کا جائزہ لیا جائے۔ سعید غنی نے کہا کہ اس سے قبل 7 اکتوبر دوپہر 12 بجے پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے تحت تمام یوسیز کی سطح پر غزہ و فلسطین میں اسرائیلی مظالم کے خلاف پیپلز پارٹی مظاہرے کرے گی اور اپنے فلسطینی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ 17 اکتوبر کو شام مغرب کے وقت سانحہ کارساز کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے اور فاتحہ خوانی کے لئے کارساز کے مقام پر تقریب کا انعقاد کیا جائے گا اور دیے روشن کئے جائیں گے۔ سعید غنی نے کہا کہ 18 اکتوبر کو جلسہ عام میں شرکت کے لئے تمام اضلاع سے ہزاروں کی تعداد میں گاڑیاں روانہ ہوں گی اور کراچی سے ایک بہت بڑی تعداد میں پیپلز پارٹی کے جیالے اور شہری اس جلسہ عام میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ کے حوالے سے ایک ڈویژن اور ایک ڈسٹرکٹ کمیٹی بنائی گئی ہے۔ ہر ڈسٹرکٹ میں ایک ٹرانسپورٹ کمیٹی بنائی جائے گی۔

PAKISTAN PEOPLES PARTY
KARACHI DIVISION

SPORTS
اسپورٹس

سرباز خان دنیا کی تمام بلند ترین چوٹیاں سر کرنے والے پہلے پاکستانی کوہ پیما بن گئے

کراچی (اسپورٹس نیوز) پاکستانی کوہ پیما سرباز نے 8 ہزار میٹر سے بلند دنیا کی تمام 14 چوٹیاں سر کرکے منفرد کارنامہ انجام دیا اور یہ اعزاز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی بن گئے ہیں۔ سرباز خان نے پاکستان کی کوہ پیمائی کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کردیا ہے اور وہ تبت میں واقع 8 ہزار 27 میٹر بلند چوٹی ششاپنگما سر کرکے دنیا کی 8 ہزار میٹر سے بلند تمام 14 چوٹیاں سر کرنے والے پہلے پاکستانی کوہ پیما بن گئے ہیں۔ دنیا کی 14 ویں بلند ترین چوٹی سر کرنے کے بعد وہ ان کوہ پیماں کی فہرست میں شامل ہوگئے ہیں جنہوں نے تمام بلند ترین چوٹیاں سر کرنے کا اعزاز حاصل کرلیا ہے۔ گلگت بلتستان کے ضلع ہنزہ سے تعلق رکھنے والے سرباز خان نے دنیا کی بلند ترین 14 چوٹیاں سر کرنے کا سفر 2017 میں شروع کیا تھا اور سب سے پہلے 8 ہزار 126 میٹر بلند نانگا پربت سر کیا تھا اور یہ ان کی کامیاب کوہ پیمائی کا نکتہ آغاز تھا، بعدازاں انہوں نے جولائی 2018 میں کے ٹو، مئی 2019 میں لہوتسے سر کیا جہاں وہ 8 ہزار 516 میٹر بلند چوٹی سر کرنے والے پہلے پاکستانی کوہ پیما بن گئے تھے۔ انہوں نے جولائی 2019 میں متبادل آکسیجن کی سہولت کے بغیر 8 ہزار 51 میٹر بلند چوٹی براڈ پیک سر کیا جو ان کے کیریئر میں ایک منفرد کامیابی ہے، اسی برس ستمبر میں انہوں نے نیپال میں واقع 8 ہزار 163 میٹر بلند ماناسلو سر کیا اور یہ کامیابی حاصل کرنے والے دوسرے پاکستانی بن گئے تھے۔ سرباز خان کی کامیابیوں کا سلسلہ یہیں نہیں رکا بلکہ اپریل 2021 میں وہ دنیا کی قاتل کہلائی جانے والی چوٹیوں میں سے ایک اناپورنا سر کرلیا، محض ایک ماہ بعد انہوں نے دنیا کی بلند ترین 8 ہزار 849 میٹر بلند چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ سر کرلیا۔ جولائی 2021 میں ان کی قیادت میں پاکستانی کوہ پیماں کی ٹیم نے 8 ہزار 35 میٹر بلند گشہ بروم ٹو سر کرلیا تھا۔



شوبز نیوز
تشکر

شوبز انڈسٹری میں جھوٹ دکھانے کے پیسے ملتے ہیں، حرا مانی

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ حرا مانی نے شوبز انڈسٹری کو جھوٹا قرار دے دیا۔ حال ہی میں اداکارہ نے ہدایت کار و اداکار جواد بشیر کی پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی اور اپنے کیریئر، نجی زندگی اور اہل خانہ کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ شوبز میں ہر چیز جھوٹ ہے، پیسوں کی خاطر جھوٹ دکھایا اور پھیلایا جاتا ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ یہی ہمارا کام ہے، ہمیں اسی کے پیسے مل رہے ہیں، جب تک ہم چیزوں کو گلیمرائز کر کے ضرورت سے زیادہ بڑھا چڑھا کر نہیں دکھائیں گے تو لوگوں کی توجہ حاصل نہیں ہو گی۔ حرا مانی نے جواب دیا کہ میں کیمرے سے پیار کرتی ہوں اور اسی کے لیے صبح اُٹھ کر کام پر جاتی ہوں، کیمرے کو بھی مجھ سے پیار ہے، اسی لیے مجھے کامیابی ملی۔ انہوں نے کہا کبھی کبھی مولا جٹ جیسی فلم دیکھ کر رشک ہوتا ہے کہ شاید میں بھی ایسا کردار کرسکتی لیکن پھر جب اپنے گھر میں اپنے بچوں کو دیکھتی ہوں تو سب کچھ بھول جاتی ہوں اور سوچتی ہوں کہ بس یہی زندگی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ میں سوچتی ہوں کہ میرے بچوں کے لیے صرف میں ہی ان کی ماں ہوں اور میری جگہ کوئی اور نہیں لے سکتا، یہی مجھے حسد کرنے سے روکتا ہے اور میں زندگی میں جو مل گیا اس سے خوش رہتی ہوں۔ دوران انٹرویو انہوں نے زندگی کو سب سے بڑا استاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ زندگی سب کچھ سکھا دیتی ہے اور میں نے بھی زندگی سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ زندگی نے مجھے وہ کچھ دیا ہے جو چاہتی تھی، ماضی کے مقابلے میں متحمل مزاج ہو گئی، اب اپنے بجائے دوسروں کے لیے سوچتی ہوں۔ بیٹے اور بہو کی طلاق پر تبصرہ کرنے پر سینئر اداکار ناگر جنا نے وزیر کونڈا سریکا کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

نے بتایا ہے کہ حکومت نے 7 اکتوبر کو کل جماعتی کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کل جماعتی کانفرنس مسئلہ فلسطین پر بلائی جارہی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے صدر اور وزیر اعظم کی طرف سے 7 اکتوبر کو فلسطین کے حوالے سے آل پارٹیز کانفرنس کی میزبانی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ صیہونی فوج کے ہاتھوں غزہ میں سفاکانہ قتل عام کا ایک سال مکمل ہونے تک لڑائی کا دائرہ لبنان تک پھیل چکا ہے۔ پی پی پی کے چیئرمین کا کہنا تھا کہ غزہ میں سفاکانہ قتل عام سے شروع ہونے والی جنگ کا پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لینے کا خطرہ موجود ہے۔ پوری قوم کو سامراجی صیہونی ایجنڈے کے خلاف یک زبان ہو کر صدائے احتجاج بلند کرنی چاہیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

پوسٹنگ سے متعلق مزید اختیارات دیے گئے لیفٹیننٹ گورنر کو 5 نشستیں الاٹ کی گئی ہیں۔ 3 مہاجروں کے لیے اور 2 پنڈتوں کے لیے ہیں، اس سے ریاستی اسمبلی میں بی جے پی کے لیے جوڑ توڑ کے امکانات بڑھ جاتے ہیں جبکہ چیف منسٹر کے اختیارات میں کمی کردی گئی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں مودی سرکار اسرائیلی ماڈل کی پیروی کر رہا ہے، جس میں مجموعی HRVs اور مسلم اکثریت علاقوں کو مسلم اقلیت میں تبدیل کر رہی ہیں مقبوضہ کشمیر میں کشمیری مرکزی حریت قیادت یا تو نظر بند ہے یا پھر این اے، ایس آئی اے، ای ڈی اور عدالتوں کے ذریعے مجبور کیا جارہا ہے تاکہ الیکشن میں بی جے پی کے حمایت یافتہ افراد کی فتح کو یقینی بنایا جائے۔ یاسین ملک کو عمر قید کی سزا سنائے جانے کے بعد اب این آئی اے کے ذریعہ گرفتار دیگر افراد پر مقدمہ چل رہا ہے جن میں آسیہ اندرابی بھی شامل ہیں۔ 5 اگست 2019 سے نئی پارٹیاں تشکیل دی گئی ہیں تاکہ مقبوضہ کشمیر میں مرکزی دھارے کی جماعتوں اور مسلم اکثریت کو کمزور کیا جاسکے بھارتی حکومت نے ووٹروں اور اپوزیشن کے امیدواروں کو ڈرانے کے لیے خطے میں اپنی 10 لاکھ فورس تعینات کیے ہیں۔ تقریر اور اسمبلی کی آزادی کو محدود کیا اور انتخابی عمل کو اپنے پراکسیوں کے حق میں جھکا دیا۔ مقبوضہ کشمیر میں آبادیاتی تبدیلیاں کے لیے ڈومیسائل کے اجرا (کے ذریعے) وادی کی مسلم اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کر رہی ہیں ریاستی اسمبلی کی نشستوں میں غیر متناسب اضافہ کر دیا ہے ہندو اکثریت، ظاہر کرنے کے لیے 22 حلقوں کو جیری مینڈرنگ کے ذریعے دوبارہ تیار کیا گیا ہے۔ حد بندی کے تحت کلیدی نتائج میں جموں کو 6 اضافی نشستیں اور کشمیر کو 1 مختص کر دیا گیا ہے مقبوضہ کشمیر کے گھٹن ماحول میں انتخابات، جمہوری عمل کی صداقت پر شکوک پیدا کرتے ہیں مقبوضہ کشمیر میں تقریبا 10 لاکھ فوج کی موجودگی، انتخابی عمل سے زیادہ فوجی مشق کا تاثر دے رہی ہیں جموں و کشمیر میں پرامن حالات کا تاثر دینے کی کوشش کی نفی ہوتی ہے مقبوضہ کشمیر میں آخری مردم شماری 2011 میں کی گئی تھی، ہندوستانی حکومت 13 سال گزرنے کے بعد بھی تازہ مردم شماری نہیں کر سکی۔ مقبوضہ کشمیر میں الیکشن لڑنے والے 908 امیدواروں میں سے 40 % سے زیادہ (360) آزاد ہیں ان آزاد امیدوار کو بی جے پی اور ایس ایف نے مسلم ووٹوں کو تقسیم کرنے کے غرض سے اپنے قریب رکھا ہوا ہے اے پی ایچ سی پر پابندی ہے اور تقریبا 48 رہنما غیر قانونی حراست میں ہیں ان میں سے بہت سے رہنماں کو پبلک سیفٹی ایکٹ (PSA) اور غیر قانونی سرگرمیاں ایکٹ (UAPA) جیسے سخت قوانین کے تحت قید کیا گیا ہے یہ قوانین دراصل بغیر کسی مقدمے کے حراست میں رکھنے کی اجازت دیتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

سرکاری دورے کے دوران میرا باتھ روم استعمال کیا تھا جس کے بعد وہاں سے جاسوسی آلات ملے تھے۔ برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف کے مطابق برطانیہ کے سابق وزیراعظم بورس جانسن نے یہ دعوی اپنی کتاب انلیشڈ میں کیا ہے۔ کتاب کی رونمائی 10 اکتوبر کو ہوگی تاہم اس کے اقتباسات وائرل ہوگئے۔ سابق برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے کتاب میں لکھا کہ اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے 2017 دورے پر آئے تھے اور ایک موقع پر میرا باتھ روم استعمال کیا تھا۔ جب میں سیکرٹری خارجہ تھا۔ بورس جانسن نے دعوی کیا کہ بعد میں صفائی کرنے والوں کو میرے باتھ روم سے جاسوسی آلات ملے تھے۔ یہ ایک اتفاق بھی ہوسکتا ہے لیکن ایسا پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ سابق برطانوی وزیراعظم کے بقول غالب امکان یہی ہے کہ ایسا نیتن یاہو نے کیا تھا کیوں کی ان کے استعمال کرنے کے بعد ہی باتھ روم سے یہ آلات ملے تھے۔ جب اس واقعے کے بارے میں مزید تفصیلات پوچھی گئیں تو بورس جانسن نے ٹیلی گراف کے نمائندے کو بتایا کہ میرے خیال میں آپ کو اس واقعے کے بارے میں جاننے کے لیے جو کچھ درکار ہے وہ کتاب میں موجود ہے۔ بورس جانسن کے اس دعوے پر اسرائیل کی جانب سے کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

دونوں ممالک اور فوج کے درمیان پائیدار اور تاریخی تعلقات کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ آرمی چیف نے ایوان صدر میں ملائیشیا کے وزیر اعظم کے اعزاز میں منعقدہ سرمایہ کاری کی تقریب اور سرکاری ضیافت میں بھی شرکت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

کردیا گیا ہے۔ چیرنگ کراس چوک دونوں جانب سے رکاوٹیں کھڑی کرکے بند کردیا گیا جبکہ ایم ایچ چوک صدر مال روڈ بھی دونوں جانب سے بند ہے۔ حیدر روڈ فلیش مین میٹرو اسٹیشن روڈ، مریڑھ چوک چاروں اطراف سے اور مری روڈ بھی مکمل طور پر بند ہے۔ ڈبل روڈ اسٹیڈیم بھی رکاوٹیں کھڑی کرکے بند رکھا گیا ہے۔ کچہری سے اولڈ ایئرپورٹ روڈ کورال تک کھلا ہے جبکہ سواں پل بھی کھلا ہے۔ سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کا کہنا ہے کہ امن وامان کی صورتحال کے دوران شاہراں کی صورت حال کو مد نظر رکھ کر غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں۔ پولیس ذرائع کے مطابق جڑواں شہروں کو ملانے والی مرکزی شاہراہوں پر موٹر سائیکلوں کے لیے راستے کھلے ہیں البتہ ریڈ زون اور ڈی چوک کو جانے والے راستے مکمل بند کیے گئے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ریڈ زون میں داخلہ کے لیے مارگلہ رف سے واحد راستہ کھلا رکھا گیا ہے، کسی بھی شاہراہ پر کہیں سے بھی ابھی تک مظاہرین جمع نہیں ہوئے۔ اسلام آباد جانے والی تمام شاہراوں کو کنٹینرز لگا کر بند کردیا گیا ہے۔ فیض آباد، ٹی چوک، کھنہ پل، سکستھ روڈ، ڈبل روڈ اور نائنتھ ایونیو پر کنٹینرز لگا کر راستے بند کیے گئے ہیں۔ اسلام آباد جانے والے شہریوں سمیت ملازمت پیشہ افراد کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں موبائل فون سروسز معطل ہے اور سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے۔ مزید پڑھیں: پی ٹی آئی احتجاج، اسلام آباد اور راولپنڈی میں موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق دارالحکومت میں دفعہ 144 نافذ العمل ہے اور اسلام آباد پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت مصروف عمل ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ کسی بھی غیر قانونی عمل کا حصہ نہ بنیں، امن و امان میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف قانون حرکت میں آئے گا۔ ترجمان کے مطابق سفر کرتے ہوئے راستوں کی بندش کی پیش نظر ٹریفک ایڈوائزری کو مد نظر رکھیں۔ ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے اسلام آباد پولیس ایف ایم 92.4 اور پکار 15 سے رہنمائی لی جاسکتی ہے۔ شہری کسی بھی ایمرجنسی کے متعلق پکار 15 پر اطلاع دیں۔ دوسری جانب حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی کے 1590 کارکنوں کی گرفتاری کیا حکامات جاری کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے کل کے احتجاج کے حوالے سے جن پی ٹی آئی کارکنوں کو گرفتار کیا ہے انہیں شرپسند عناصر ڈیکلیئر کردیا گیا۔ خیال رہے لاہور میں بھی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے 5 اکتوبر کو احتجاج کا اعلان کر رکھا ہے، جس کے پیش نظر انتظامیہ نے مینار پاکستان گراؤنڈ کے اطراف کنٹینرز پہنچا دیئے جبکہ پولیس کی بھاری نفری بھی تعینات کردی گئی۔ دوسری جانب پنجاب کے 4 شہروں میں دفعہ 144 نافذ کرکے رینجرز طلب کرلی، ادھر لاہور میں 6 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ کرنے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ پی ٹی آئی کے 5 اکتوبر کو مینار پاکستان گراؤنڈ پر احتجاج کے معاملے پر مینار پاکستان کے اطراف میں ابھی سے ہی کینٹینرز پہنچا دیئے گئے، گریٹر اقبال پارک پر پولیس کی نفری سے ابھی سے تعینات کردی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

رجوع کرنا چاہیے، اپنے خدشات اور تحفظات کیلئے ایس بی سی اے میں اپیل فائل کریں۔ تحریری حکم نامے کے مطابق اگر درخواست گزار ایس بی سی اے میں اپیل فائل کریں تو ایک ماہ میں اس کا فیصلہ کیا جائے۔ تحریری حکم نامے میں لکھا گیا درخواست گزار کے پاس متبادل پلیٹ فارم موجود ہے تو یہ درخواست کیسے قابل سماعت ہے۔ درخواست کے قابل سماعت ہونے پر دلائل دیے جائیں۔ دوسری جانب عدالت نے سندھ حکومت، سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی و دیگر سے 14 اکتوبر تک جواب طلب کرلیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

ڈی چوک سے گرفتار کرلیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان اور عظمی خان کو ڈی چوک سے گرفتار کرکے تھانہ سیکریٹریٹ منتقل کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی نے آج اسلام آباد کے ڈی چوک پر احتجاج کا اعلان کیا تھا جس کے بعد کارکنان ڈی چوک پہنچنا شروع ہوگئے، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں بھی احتجاج میں شرکت کے لیے ڈی چوک پہنچی تھیں جہاں سے انہیں گرفتار کرلیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

دونوں رہنماؤں کو خراج تحسین پیش کیا۔ آیت اللہ خامنہ ای نے سورہ العصر تلاوت کی اور حق پر صبر اور استقامت کے ساتھ ڈٹے رہنے کی اہمیت پر زور دیا۔ جہاد کی اہمیت بیان کی اور کرہ ارض پر اسلامی نظام کو عافیت کا واحد راستہ قرار دیا۔ ایران کے سپریم لیڈر نے امریکا اور اسرائیل کو امت مسلمہ کا مشترکہ دشمن قرار دیا اور مسلم اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مسلمان اتحاد اور اتفاق کے ساتھ طاغوتی قوتوں کا مقابلہ کریں اور مظلوموں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کریں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

اپ ہوتا ہے، صحت کے حوالے سے بانی پی ٹی آئی کو کوئی ایشو نہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں دو طرفہ دفاعی تعاون اور سکیورٹی کے شعبہ میں تعاون بڑھانے پر غور کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں علاقائی امن واستحکام کی صورتحال پر بھی بات کی گئی، روسی مسلح افواج کے ڈپٹی چیف آف جنرل اسٹاف نے پاکستانی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران ڈپٹی چیف آف جنرل اسٹاف نے دہشت گردی کیخلاف مسلح افواج کی قربانیوں کو تسلیم کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

معصوم بچے اور خاتوں بھی شہید ہوگئیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فضائیہ کے جنگی طیاروں نے مغربی کنارے میں طولکرم پناہ گزیں کیمپ میں واقع ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا۔ عمارت دیکھتے ہی دیکھتے ہی ملبے کا ڈھیر بن گئی۔ اسرائیلی فوج کے بے رحمانہ حملے میں دیگر عمارتوں اور انفرا اسٹرکچر کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ پورا علاقہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ درد سے کراہتے زخمیوں اور خوف سے بلکتے خون میں تر بتر بچوں کو ایمبولینسوں کے ذریعے اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

سی او کانفرنس کے دوران سکیورٹی کے سلسلے میں اسلام آباد میں فوج کو تعینات کیا گیا ہے، فوج کی تعیناتی آرٹیکل 245 کے تحت کی گئی ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ اسلام آباد میں 5 سے 17 اکتوبر تک فوج تعینات رہے گی، اسلام آباد کی سکیورٹی کی ذمہ داری فوج کے حوالے ہوگی اور پولیس سمیت دیگر ادارے فوج کی معاونت کریں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز وزیر داخلہ محسن نقوی نے فوج کی تعیناتی کے حوالے سے بتایا تھا۔ واضح رہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہی اجلاس 15 اور 16 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگا جس میں بھارت سمیت کئی ممالک کے سربراہان اور نمائندے شریک ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

کہا کہ مجھ سے رابطے کا کوئی فائدہ نہیں۔ احتجاج رکوانا ہے تو قیدی نمبر 804 سے رابطہ کریں۔ میرا سب کے لیے پیغام ہے کہ آزادی اور آئین کی بالادستی کے لیے نکلنا ہے۔ راستے بند کرنا معمول ہے۔ ہم راستے کھولیں گے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

83 ہزار 605 پوائنٹس کی بلند سطح پر ٹریڈ ہوا۔ مارکیٹ میں پورا دن 20 ارب روپے مالیت کے 37 کروڑ حصص کا کاروبار ہوا۔ مارکیٹ میں پورا دن 201 کمپنیوں کے حصص میں اضافہ 167 کمپنیوں کے حصص میں کمی ہوئی جبکہ 76 کمپنیوں کے حصص میں استحکام رہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

کے اندر گر کر خاتون، ملیر میمن گوٹھ پانی کے اندر گر کر ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 سندھ حسان الحسیب کے مطابق سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول ریسکیو 1122 کو اطلاع موصول ہوتے ہی ویل ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ ریسکیو سرچنگ آپریشن کے بعد دونوں ڈوبنے والوں کو ریسکیو 1122 سندھ کے اہلکاروں نے تلاش کرلیا۔ لاش کو ریسکیو 1122 سندھ کی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کیا گیا۔ جاں بحق خاتون کی شناخت 35 سالہ فیروزہ کے نام کی گئی جبکہ میمن گوٹھ سے جاں بحق شخص کی شناخت تاحال نہ ہوسکی۔ عمر 40 سے 50 سال بتائی جارہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

میں شرکت کے لیے پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ترجمان بھارتی وزارت خارجہ کے مطابق بھارت پاکستان میں ہونے والے ایس سی او اجلاس میں شرکت کرے گا۔ ترجمان بھارتی وزارت خارجہ نے بتایا کہ بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر ایس سی او اجلاس میں شرکت کے لیے پاکستان جائیں گے۔ خیال رہے کہ بھارتی وزیر خارجہ جے شنکر کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ ہوگا، پاکستان نے بھارت کو ایس سی او سربراہان سمٹ میں شرکت کے لئے دعوت نامہ بھیجا تھا۔ واضح رہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہی اجلاس 15 اور 16 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

رہنما سید امین الحق، فیصل سبزواری، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، متاثرہ طلبہ وطالبات کا وفد، اساتذہ کرام اور ینگ ڈاکٹرز ایسوسی کے نمائندگان موجود تھے، ترجمان ایم کیو ایم میٹنگ میں سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کے چیئر مین عامر چشتی، رکن قومی اسمبلی فرحان چشتی، آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کمیٹی کے اراکین بھی شامل تھے، ترجمان ایم کیو ایم میٹنگ میں متفقہ طور پر ایم ڈی کیٹ کے امتحانات کی شفافیت مشکوک ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا، ترجمان ایم کیو ایم صوبہ سندھ خصوصا کراچی میں ایم ڈی کیٹ کے امتحانات میں بد انتظامی کے نئے ریکارڈ قائم ہوگئے، ترجمان ایم کیو ایم گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی ایم ڈی کیٹ کے امتحانی پیپرز وقت سے پہلے لیک کیئے گئے، ترجمان ایم کیو ایم میٹنگ میں ایم ڈی کیٹ کے حوالے سے سندھ ہائیکورٹ میں دائر شدہ پٹیشن کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا گیا، ترجمان ایم کیو ایم متاثرہ طلبہ وطالبات ایم کیو ایم پاکستان کے علاقاء و مرکزی دفاتر میں شام 5 تا رات 8 بجے رابطہ کر سکتے ہیں، ترجمان ایم کیو ایم ایم کیو ایم پاکستان متاثرہ طلبہ و طالبات کے ساتھ کھڑی ہے اور اس حوالے سے ہر فورم پر آواز بلند کرے گی، ترجمان ایم کیو ایم ایم ڈی کیٹ کے امتحانات کو منسوخ کر کے صاف وشفاف طریقے سے دوبارہ امتحان کا انعقاد کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

انعقاد۔ آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ آئی جی سندھ کی آمد پر کمانڈنٹ ایس بی ای پی ٹی سی اور دیگر افسران نے خوش آمدیدم استقبال کیا۔ اس موقع پر پولیس کے چاک وچوبند دستے نے انھیں جنرلز سلام پیش کیا۔ آئی جی سندھ نے پاسنگ آٹ تقریب کے مختلف ایونٹس سمیت مارچ پاسٹ/پریڈ کا معائنہ کیا اور مختلف تربیتی امور کا عملی مظاہرہ دیکھا۔ تربیت کی کامیاب تکمیل پر تمام پولیس جوانوں کو مبارکباد دیتا ہوں۔ آئی جی سندھ بہترین اور معیاری تربیتی اقدامات اور دیگر سہولیات پر کمانڈنٹ رزاق آباد سینٹر اور انکی ٹیم کی کوششیں لائق ستائش ہیں۔ غلام نبی میمن پاس آٹ ہونیوالے جوان پولیس کی جانب سے بہترین اور معیاری تربیت کی مثال ہیں۔ آئی جی سندھ ایگلیٹ کے دو بیچز کے پاس آٹ ہونیکی خوشی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

ٹاؤنز میں ہوتا ہے۔ یہ شہر کراچی کا مرکز ہے اور یہاں کی اہم شاہراہوں سے رات کے اوقات میں کنٹینرز اور ٹرکوں پر لدے تجارتی سامان کا بڑے پیمانے پر نقل وحمل اور گزر ہوتا ہے۔ لیاقت آباد ٹاؤن میں کثیر المنزلہ عمارتوں کی تعمیرات بغیر کسی منصوبہ بندی کے کی گئی ہیں، جس کی وجہ سے آبادی اور رہائشی یونٹس کے بے تحاشا اضافے کے باعث یہاں سیوریج کا نظام بوسیدہ ہوگیا ہے، جس کی وجہ سے لیاقت آباد کے اکثریتی علاقوں میں گٹر ابل پڑے ہیں۔ گندا پانی اور غلاظت کے ڈھیر لگ گئے ہیں، جس کی وجہ سے لوگوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ لیاقت آباد کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ حکومتی اداروں کی عدم توجہ کے سبب علاقہ مسائلستان بن گیا ہے۔ لیاقت آباد میں بلدیاتی امور کے مسائل کے حل کے لیے متحرک خاتون سماجی رہنما اور سابق خاتون کونسلر ثنا فیاض نے بتایا کہ کراچی کے گنجان آبادی والے ٹاؤن میں لیاقت آباد کا شمار ہوتا ہے۔ آج سے 20 سے 25 برس قبل لیاقت آباد میں کثیر المنزلہ عمارتیں موجود نہیں تھیں۔ یہاں 40 گز کے سنگل رہائشی یونٹس تھے اور اس وقت اس ٹاؤن میں موجود رہائشی یونٹس کی مناسبت سے سیوریج کا نظام بنایا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ لیاقت آباد ٹاؤن کنکریٹ کے جنگل میں تبدیل ہوگیا ہے۔ اس ٹاؤن میں 40 گز کے رہائشی یونٹس پر 3 سے 5 منزلہ رہائشی یونٹس قائم کر دیے گئے ہیں۔ آبادی بڑھنے اور کثیر المنزلہ رہائشی تعمیرات کی وجہ سے موجودہ بنیادی ضروریات جس میں پانی اور سیوریج کا نظام شامل ہے، ناکارہ ہوگیا ہے، جس کی وجہ سے لیاقت آباد میں سیوریج کے مسائل پیدا ہو گئے ہیں۔ کثیر المنزلہ عمارتوں کی تعمیرات بغیر کسی منصوبہ بندی کے کی گئی ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ان تعمیرات کے ذمے دار حکومتی ادارے ہیں۔ بغیر کسی پلاننگ کے ان عمارتوں کی تعمیرات کی اجازت کیسے دی گئی ہے؟ اس کا جواب تو حکومتی ادارے ہی دے سکتے ہیں۔ لیاقت آباد کی رہائشی انوشہ نیاز نے بتایا کہ وہ سی ون ایریا کی رہائشی ہیں۔ ان کی پیدائش بھی اسی علاقے میں ہوئی اور شادی کے بعد بھی وہ یہیں رہائش پذیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لیاقت آباد کسی زمانے میں انتہائی خوبصورت علاقہ ہوتا تھا لیکن سنگل رہائشی یونٹس کو جب پورشن میں تبدیل کیا گیا تو اس علاقے کا حلیہ بگڑ گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک گلی میں اگر 40 مکانات ہیں تو اب یہ مکانات 200 پورشنز میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ اگر ایک گلی میں 200 پورشنز بنیں گے اور ایک گھر میں اگر 4 افراد رہتے ہیں تو ایک گلی میں جہاں پہلے 200 افراد کی رہائش کی گنجائش تھی، وہاں اب 200 پورشنز میں 800 افراد رہائش پذیر ہوں گے۔ انہوں نے سوال کیا کہ 40 افراد رہائشی یونٹس کے لحاظ سے ماضی میں سیوریج کا نظام قائم کیا گیا تھا، اب وہی نظام 200 رہائشی یونٹس کے لیے بھی ہے تو یہ نظام کس طرح سیوریج کا دباو برداشت کرے گا۔ یہ نظام ازخود ناکارہ ہو جائے گا۔ یہی صورت حال پورے لیاقت آباد کی ہے۔ یہاں مختلف علاقوں سی ون ایریا، بی ون ایریا، فردوس کالونی، شریف آباد، بندھانی کالونی، لیاقت آباد 1، 9، ایف سی ایریا اور دیگر کا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیاقت آباد میں سیوریج کے نئے نظام کے قیام کی ضرورت ہے۔ لیاقت آباد کے ایک تاجر عمیر فاروقی نے بتایا کہ لیاقت آباد میں رہائشی یونٹس کے علاوہ ایک بڑا علاقہ کاروباری مارکیٹس پر مشتمل ہے۔ اس میں الیکٹرک، صرافہ، کپڑے، برتنوں سمیت دیگر اشیا کی ہول سیل مارکیٹ کے علاوہ اجناس کی بڑی مارکیٹ اور فوڈ اسٹریٹ موجود ہیں۔ اس کے علاوہ لیاقت آباد میں بڑے اسپتال، تعلیمی ادارے اور دیگر اہم حکومتی اداروں کی عمارتیں موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لیاقت آباد میں سیوریج کا نظام تباہ ہونے کی وجہ سے مختلف علاقوں میں گٹر ابل پڑے ہیں۔ تعفن، گندگی اور سیوریج کے پانی کی وجہ سے لوگوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان مسائل کی وجہ سے کاروبار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ حکومت کو ان مسائل کو حل کرنا چاہیے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

10 سال سے لاپتہ شہری سمیت دیگر کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ سرکاری افسر نے عدالت کو آگاہ کیا کہ جبری گمشدہ شہریوں کے اہل خانہ کی مالی معاونت کر دی گئی ہے۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ جنید آرام باغ سے 2015 میں لاپتہ ہوا اور مقدمہ 2018 میں درج کروایا گیا، جنید پر 302 کا مقدمہ تھا اور اس کا سیاسی جماعت سے بھی تعلق تھا۔ ایک شہری کی اہلیہ نے عدالت کو بتایا کہ گل زرین شاہ کورنگی سے 2 سال سے لاپتہ ہیں۔ عدالتی سوال پر تفتیشی افسر نے جواب دیا کہ گل زرین شاہ کا کوئی کریمنل ریکارڈ نہیں ہے۔ عدالت نے شہریوں کی بازیابی کے لیے مؤثر اقدامات کرنے اور اس حوالے سے جے آئی ٹیز وصوبائی ٹاسک فورس کا اجلاس کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 4 ہفتوں کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

میں غیر قانونی سمیں جاری ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق کراچی کے شہریوں کے نام پر سمیں چمن بارڈر پر غیر ملکی شہریوں کو فروخت کی جاتی ہیں، ملزمان سادہ لوح شہریوں کا انگوٹھا بائیومیٹرک سے حاصل کرنے کے بعد مختلف کمپنیوں کی سمیں جاری کرتے تھے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شہریوں کے نام پر جاری ہونے والی سمیں ڈکیت گروہ استعمال کرتے ہیں، کراچی میں رضویہ پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے دو سگے بھائیوں سمیت تین ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ گرفتار ملزمان کا ویڈیو بیان بول نیوز نے حاصل کرلیا ہے جس کے مطابق غیر ملکی باشندہ کامران افغانی ایک سم 1200 میں خریدتا تھا، کامران افغانی نامی شخص کو 400 سمیں دے چکا ہوں۔ ملزم نے بیان میں بتایا کہ شہری کا بائیو میٹرک کرنے کے بعد سم ایشو نہیں کرتے تھے اور شہری کو یہ کہہ کر ٹال دیتے تھے کہ آپ کا بائیو میٹرک نہیں آرہا۔ ملزم نے بیان میں مزید بتایا کہ غیر قانونی سمیں استعمال کرتے تھے اور واردات کرنے کے بعد ان سموں کو توڑ کر پھینک دیا جاتا تھا۔ ایس ایس پی سینٹرل ذیشان شفیق کے مطابق گرفتار ملزمان سے بڑی تعداد میں غیر قانونی سمیں برآمد کر لی گئی ہیں اور گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 22

شہر قائد میں کم سے کم درجہ حرارت 27.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ کراچی میں صبح میں ہوا میں نمی کا تناسب 81 فیصد رہا، جبکہ اس وقت سمندری ہوائیں 15 سے 20 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی رہیں

بقیہ روزنامہ تشکر 23

شاہنواز بیٹے کو علاج کے لیے بیرون ملک لے جانا چاہتے تھے لیکن مہلت نہ مل سکی۔ چالیس سالہ ڈاکٹر شاہنواز کے والد محمد صالح کا بیشتر وقت گھر میں اپنے 9 سالہ پوتے شاہ زین کے ساتھ ہی گزرتا ہے جو دل کے عارضے میں مبتلا ہے۔ ڈاکٹر شاہنواز کی موت کے بعد بیٹے کو علاج کیلئے باہر لے جانے کی تیاریاں ادھوری رہ گئی ہیں، ساتھ ہی ڈاکٹر شاہنواز اپنی بہن کی شادی کا خواب بھی آنکھوں میں سجائے چلے گئے۔ واضح رہے کہ 18 ستمبر کو سندھڑی میں ڈاکٹر شاہنواز کو جعلی پولیس مقابلے میں قتل کر دیا گیا تھا۔ اس سے ایک دن قبل ہی ڈاکٹر شاہنواز کے خلاف مقامی خطیب کی مدعیت میں توہین مذہب کی ایف آئی آر درج کی گئی تھی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

کرنے والے 43 کالجز کا 4 جامعات سے الحاق ہو گا۔ محکمہ تعلیم سندھ نے بتایا کہ 13 کالجز کا الحاق شاہ عبدالطیف یونیورسٹی خیر پور سے ہوگا، 14 کالجز کا الحاق سندھ یونیورسٹی جامشورو سے ہوگا، 11 کالجز کا الحاق جامعہ کراچی جبکہ 5 کا شہید بے نظیر بھٹو یونیورسٹی سے ہوگا۔ محکمہ تعلیم سندھ کے مطابق سرکاری کالجز سے کم فیس میں 4 سال کا بیچلرز پروگرام مکمل کیا جاسکے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

جانے کے لیے تمام سیاسی قوتوں میں اتفاق رائے ضروری ہے، انشااللہ نومبر میں آئینی عدالت اپنا کام شروع کردے گی۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ پیپلز پارٹی آئینی عدالت بنا کر میثاق جمہوریت مکمل کرنا چاہتی ہے، پیپلز پارٹی جماعت اسلامی کے فلسطین مارچ میں بھرپور شرکت کریگی۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ فلسطینی اور کشمیری بھائیوں کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ہم سب متحد ہیں، اقوام متحدہ اور عالمی طاقتیں مشرق وسطی میں طاقت کا استعمال رکوائیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

واضح تھا، 18 ویں ترمیم کے ذریعے اس آرٹیکل میں شامل کی گئی ترمیم بحال کی گئی، انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 63 اے آئینی ترمیم کے لیے رکن پر پارٹی پالیسی کے خلاف ووٹ پر پابندی لگاتا ہے۔ سابق چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ منحرف اراکین پر انحصار کرنے کی بجائے پارلیمان میں موجود سیاسی جماعتوں کی پارلیمانی اکثریت بنانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تجویز کردہ ترامیم کو عوام کے سامنے لایا جائے، پارلیمنٹ کے اندر اور باہر مباحثہ کیا جائے تاکہ وسیع ترین اتفاق رائے پیدا کیا جاسکے۔ رضا ربانی نے کہا کہ متنازع آئینی ترامیم تاریخ میں کبھی سرخرو نہیں ہوئیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

غیر معیاری چاولوں کی ایکسپورٹ کے سلسلے میں 72 رائس ملز سے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ اسلام آباد لاہور، گوجرانولہ، ملتان، فیصل آباد، کراچی، حیدرآباد، کوئٹہ، پشاور اور کوہاٹ کی ڈائریکٹر ایف آئی اے زونز کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق مختلف ممالک میں 72 رائس ملز کی جانب سے ایکسپورٹ کی گئی چاولوں کی کنسائنمنٹس مسترد یا ضبط کرلی گئیں۔ چاول ایکسپورٹ کرنے والے ایکسپورٹرز اور کمپنیوں سے ریکارڈ حاصل کر کے انکوائری آفیسر کو بھجوایا جائے۔ ریکارڈ میں مسترد شدہ کھیپ کی ایل سی، پری لوڈنگ انسپکشن سرٹیفکیٹ، کھیپ کے مسترد کیے جانے کا ریکارڈ، مسترد کی گئی کھیپوں کے ٹیسٹ سرٹیفکیٹ حاصل کیے جائیں۔ مراسلے میں مسترد شدہ کنسائنمنٹس کو تلف کرنے کی تفصیل، کیا وہ واپس پاکستان لائی گئیں یا کسی دوسری منزل پر پہنچائی گئیں؟ مذکورہ کنسائنمنٹس تیسرے ملک کو کیوں اور کیسے بھجوائیں گئیں اور وہ کن کن کو بھجوائیں گئیں ان سب سمیت دیگر تفصیلات طلب کی گئی ہیں جبکہ وزارت فوڈ سیکورٹی، پلانٹ پروڈکشن اور کسی متعلقہ رائس مل کے خلاف انکوائری یا کیس رجسٹرڈ ہو تو اس کی تفصیلات بھی مانگی گئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

سے درپیش مشکلات سے گورنر سندھ کو آگاہ کیا، پنجاب کے مختلف علاقوں میں 3500 گاڑیاں اور کنٹینرز اب تک ضبط کرلی گئیں ہیں۔ موٹروے کے چالان اور ٹول ٹیکس کی مد میں اضافہ سے گڈز ٹرانسپورٹرز پریشان ہیں۔ زائد لوڈ کے بہانہ موٹروے پولیس اور دیگر ادارے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ گورنر سندھ کا چیف سیکریٹری پنجاب اور سی پی او لاہور سے ٹیلی فونک رابطہ، گڈز ٹرانسپورٹرز کے تحفظات سے آگاہ کیا۔ ضبط گاڑیاں واپس کرنے کے ضمن میں بات کی، ضبط گاڑیاں اور کنٹینرز جلد واپس کر دیں گے۔ چیف سیکریٹری پنجاب اور سی سی پی او لاہور کی یقین دہانی، معاشی ترقی میں گڈز ٹرانسپورٹرز کا اہم کردار ہے۔ کامران خان ٹیسوری، گڈز ٹرانسپورٹرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ گورنر سندھ، گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے گورنر سندھ کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

اضافہ ہوا۔ ایک ہفتے میں 10 اشیا کی قیمتوں میں کمی ہوئی جبکہ ایک ہفتے میں 20 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ ایک ہفتے میں ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں 23 روپے تک اضافہ ہوا جبکہ پیاز فی کلو 9 روپے تک مہنگی ہوئی۔ ایک ہفتے میں زندہ مرغی کی فی کلو قیمت میں 17 روپے تک اضافہ ہوا ہے۔ ایک ہفتے میں آٹے کا بیس کلو کا تھیلا 62 روپے 80 پیسے مہنگا ہوا جبکہ لہسن 13 روپے فی کلو اور دال چنا بھی 5 روپے 10 پیسے مہنگی ہوئی۔ ایل پی جی، دال مونگ، گھی، چائے، چاول بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ ایک ہفتے میں انڈے 4 روپے 43 پیسے فی درجن سستے ہوگئے جبکہ گزشتہ ہفتے چینی کی قیمت میں 2 روپے فی کلو کمی ریکارڈ کی گئی۔ ایک ہفتے میں کیلے کی قیمت بھی فی درجن 2 روپے کم ہوگئی جبکہ آلو، پیٹرول، ڈیزل، دال ماش اور گڑ بھی سستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بریڈ جلانے کی لکڑی سمیت 20 اشیا کی قیمتوں میں استحکام بھی رہا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

رہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پی ٹی آئی رہنما فردوس شمیم نقوی ایکسپریس چوک پہنچے پولیس گرفتار کرنے کیلئے بڑھی تو فردوس شمیم نقوی بھاگ نکلے۔ پولیس جیسے ہی ان کی جانب بڑھی وہ فوراً گاڑی میں بیٹھے اور گاڑی تیزی کے ساتھ روانہ ہوگئی، انہیں گرفتار کرنے کے لیے آئے پولیس اہلکار بھاگتے ہی رہے ایکسپریس چوک میں بھاری نفری کی تعیناتی کے باوجود وہ آسانی کے ساتھ نکل گئے۔ فردوس شمیم نقوی نے مختلف ٹی وی چینلز کو انٹرویوز دیئے تھے اور انہوں نے پولیس کو گرفتار کرنے کا چیلنج بھی دیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

حکومت دسمبر 2024 میں گرین لائن بس سروس سندھ حکومت کے حوالے کرے گی۔ سندھ کے سینیئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیرصدارت اعلی سطح کا اجلاس ہوا جس میں گرین لائن بس سروس کے آپریشنز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے ایم ڈی کمال حکیم دایو، سی ای او ٹرانس کراچی شائلہ محسن اور دیگر نے شرکت کی۔ سندھ کے سینیئر وزیر شرجیل انعام میمن کو گرین لائن منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ اجلاس میں گرین لائن منصوبے کو اورنج لائن سے جوڑنے والے منصوبے پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔ سینیئر وزیر شرجیل انعام میمن نے گرین لائن کو اورنج لائن سے جوڑنے والے منصوبے کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں جاری آپریشنز، یوٹیلیٹی سروسز اور گرین لائن بس سروس کے لیے سبسڈیز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ گرین لائن منصوبہ کراچی کے پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کا ایک اہم جزو ہے، وفاقی حکومت کی جانب سے گرین لائن منصوبہ دسمبر 2024 میں حکومت سندھ کے حوالے کر دیا جائے گا۔ چاہتے ہیں کہ گرین لائن کو اورنج لائن سے جوڑنے والا منصوبہ دسمبر 2024 سے پہلے ہی مکمل ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے گرین لائن کے آپریشنز کے لیے 2 ارب کی سبسڈی دی جارہی ہے، جس پر حکومت سندھ نظر ثانی کرے گی، گرین لائن منصوبہ وفاق سے حکومت سندھ کو منتقل ہونے کے بعد شہریوں کے لیے ٹرانسپورٹ مزید موثر اور بہتر بنانے کے لیے اس میں مزید بسیں شامل کی جائیں گی۔ سینیئر وزیر کا کہنا تھا کہ پہلے سے جاری حکومت سندھ کے پبلک ٹرانسپورٹ کے منصوبوں کی وجہ سے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے، پبلک ٹرانسپورٹ کراچی کا دیرینہ مسئلہ رہا ہے، چاہتے ہیں کہ ٹرانسپورٹ کے نظام میں مزید بہتری لائی جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

اور دیگر پاکستانی ایئرلائنز کا کاروبار متاثر ہوا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نجکاری کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ جی ایم پی آئی اے نے کہا کہ مختلف ادوار میں پی آئی اے کی تنظیم نو کے لیے بنائے گئے پلان پر عمل درآمد نہیں ہوسکا۔ یورپ اور برطانیہ کی پروازوں پر پابندیوں سے پی آئی اے کو شدید نقصان کا سامنا ہے۔ پی آئی اے میں بروقت طیاروں کی شمولیت نہیں کی جاسکی۔ انہوں نے کہا کہ غیرملکی ایئرلائنز کو پاکستان کے مختلف شہروں کے لیے اضافی پروازوں کی اجازت سے پی آئی اے اور دیگر پاکستانی ایئرلائنز کا کاروبار متاثر ہوا۔ پی آئی اے میں گزشتہ 13 برس سے کوئی بھرتی نہیں کی گئی۔ اگر تمام طیارے آپریشنل ہوجائیں تو پی آئی اے میں موجودہ ملازمین کی ضرورت ہے۔ پی آئی اے کی اسٹاف کاسٹ دیگر ایئرلائن انڈسٹری اسٹینڈرڈز سے بہت کم ہے۔ سب کمیٹی کے مختلف ارکان نے پی آئی اے کی نجکاری اور بھرتیوں سمیت مختلف سوالات کرتے ہوئے جی ایم پی آئی اے کو 10 روز میں جواب جمع کروانے کی ہدایت کی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

تھا، کیا یہ اب شنگھائی تعاون تنظیم کو بھی سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں؟ تحریک انصاف کی اسلام آباد میں احتجاج کی کال پر رد عمل دیتے ہوئے شیری رحمان نے کہا کہ آج پھر تحریک انتشار کی مظاہروں اور جلسوں کی وجہ سے اسلام آباد کا پہیہ بند ہے، ملائیشیا کے وزیر اعظم کی وفاقی دارالحکومت میں موجودگی کے باوجود اسلام آباد پر یلغار کا اعلان قابل مذمت ہے۔ سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ اسی ماہ اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم سربراہی اجلاس ہونا ہے، اس صورتحال میں اسلام آباد میں بدامنی اور انتشار پیدا کر کے تحریک انصاف عالمی دنیا کو کیا پیغام دے رہی ہے؟ تحریک انصاف ملکی مفادات کو اپنی سیاست کے نظر کر رہی ہے۔ سینیٹر شیری رحمان کا کہنا تھا کہ جیل میں بیٹھا شخص احتجاج کی کال دیتا ہے اور خیبر پختونخوا کی حکومت یلغار کے لیے نکل پڑتی ہے، اسلام آباد اور لاہور میں لوگوں کی عدم شرکت کے بعد تحریک انصاف کو احتجاج کی سیاست چھوڑ کر خیبر پختون خوا میں اپنی حکومت پر توجہ دینی چاہیے تھی۔ کے پی حکومت اپنا تماشہ بنانے کے بجائے اپنے صوبائی معاملات کے حل کیلئے کام کرے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

کی وارداتوں میں مزید اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ گلشن اقبال کے علاقے 13/D میں واقع فرنیچر مارکیٹ پر موٹر سائیکل سوار ملزمان نے دھاوا بول دیا، جہاں انہوں نے دوکان دار سے موبائل فونز، نقدی، اور دیگر قیمتی اشیا چھین لیں اور موقع سے فرار ہوگئے۔ دن دہاڑے ڈکیت دندادی لوٹ مار کی وارداتوں میں ملوث ہیں اور کراچی پولیس کو اپنی ذمہ داریوں سے نبرد آزما ہونے سے زیادہ دلچسپی اپنے معنوس معاملات میں ہے، شہری اپنی حفاظت کی فکر میں مبتلا ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر کوئی مدد کے لیے تھانے جائے تو انہیں اپنی جائز رپورٹ درج کروانے کے لیے منتیں کرنی پڑتی ہیں اور پولیس اہلکاروں کی جیب گرم کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ یہ حالات دیکھ کر شہریوں کا اعتماد شدید متاثر ہو رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

میاں بیوی سمیت پی آئی اے کی ائر ہوسٹس کو کروڑوں روپے مالیت کے اسمارٹ فونز اسمگل کرتے ہوئے پکڑ لیا۔ بیرون ملک سے اسمگل کیا گیا بھاری مالیت کا سامان لاہور ائرپورٹ پر چیکنگ کے دوران پکڑا گیا، جس پر کسٹم کلیکٹر علی عباس گردیزی نے کامیاب کارروائی پر عملے کو شاباش دی۔ حکام کے مطابق دبئی سے آنے والے مسافروں اور پی آئی اے کی ائر ہوسٹس سے اسمگل شدہ سامان برآمد ہوا۔ پرواز پی کے 204 کے مسافر میاں بیوی اور ائر ہوسٹس سے درجنوں موبائل فونز اور لیپ ٹاپ ملے۔ اسمگل شدہ سامان کی مالیت تقریبا 2 کروڑ بتائی جاتی ہے۔ حکام نے اسمگلنگ کرنے والی ائر ہوسٹس اور مسافروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

کی ہدایت پر طالبان کو دہشت گردوں کی فہرست سے نکالنے کے لیے قانونی عمل شروع کر دیا۔ روس کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق روس کی وزارت خارجہ نے بتایا کہ طالبان کو دہشت گرد تنظیموں کی فہرست سے نکالنے کا فیصلہ اعلی سطح پر لیا گیا ہے۔ افغانستان کے بارے میں روسی صدر ولادیمیر پوٹن کے خصوصی نمائندے ضمیر کابلوف نے بتایا کہ اس فیصلے کو حقیقت میں تبدیل کرنے کے لیے مختلف قانونی طریقہ کار پر عمل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یاد رہے کہ روس نے 2003 میں طالبان کو دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کیا تھا اور اب اس فہرست سے ہٹانا افغانستان کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کی طرف ماسکو کا ایک اہم قدم ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

کے مطابق پاکستان ریلوے میں جعلی بھرتیوں کے اسکینڈل کا انکشاف ہوا ہے، جس میں سادہ لوح افراد کو ریلوے میں بھرتی کرانے کا جھانسہ دے کر لوٹ لیا گیا۔ مذکورہ افراد سے لاہور ریلوے اسٹیشن، ڈیزل شیڈ اور دیگر مقامات پر فرضی ڈیوٹیاں بھی کرائی گئیں۔ ریلوے ذرائع کا کہنا ہے کہ بھرتیوں کے بوگس لیٹر جاری کر کے لاکھوں روپے کی رقم بٹوری گئی۔ ریلوے پولیس لاہور نے ملزمان ارسلان، افتخار احمد، اسٹیشن ماسٹر، کلرک اور پلیٹ فارم انسپکٹر عثمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ اسکینڈل میں ملوث ملزمان لاکھوں روپے کی رقم لے کے رفو چکر ہو گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اسٹیشن ماسٹر، کلرک لاہور ریلوے اسٹیشن افتخار احمد کے کمرے میں پیسوں کا لین دین ہوتا رہا۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ ملزم ارسلان پرائیویٹ شہری ہے اور اسٹیشن ماسٹر کلرک افتخار احمد کا دوست ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک ماہ فرضی ڈیوٹیاں کرنے کے بعد تنخواہیں مانگنے پر فراڈ کا انکشاف ہوا۔ متاثرہ افراد کی جانب سے درخواست ملنے پر ریلوے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

ڈوبنے کی اطلاع، ترجمان ریسکیو 1122 سندھ کے مطابق سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول ریسکیو 1122 کو اطلاع موصول ہوتے ہی واٹر ریسکیو ٹیم بمع ایمبولینس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، واٹر ریسکیو آپریشن جاری ہے، ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق ایک بچے کی عمر 10 سال دوسرے بچے کی عمر 12 بتائی جارہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

وطن علی منصور۔ پاکستان میں انارکی پھیلانا اور پاکستان کو اسرائیل کے آگے جھکنے کی سازش کوئی اور نہیں پی ٹی آئی کر رہی ہے جنرل سیکریٹری ارض وطن سید محمد عروج۔ جہاں دنیا میں مسلمان ممالک کو خطرہ ہے وہیں ملک وقوم کو مضبوط کرنے کے بجائے پی ٹی آئی اپنی غلیظ سیاست کر رہی ہے علی منصور۔ پاکستان کو دیوار سے لگانے اور ملک وقوم کا مورال گرانے اور افواج پاکستان کو کسی دشمن کی ضرورت نہیں پی ٹی آئی موجود ہے سید محمد عروج۔ ملک کو ایسے وقت میں نقصان پہنچایا جارہا ہے جہاں پاکستانی افواج کو عالمی طاقتوں سے مقابلے کا چیلنج سامنے ہے علی منصور۔ پاکستان اسلامی ممالک میں سپر پاور ملک کو بیرونی طاقتیں اپنے اندرونی ایجنٹوں کے ذریعے ڈرا رہی ہیں سید محمد عروج۔ ڈی چوک کا تماشا رچانا ایک غیر ملکی سازش نظر آرہا ہے علی منصور۔ افواج پاکستان کو گالیاں دینا اداروں کو نقصان پہنچانا پاکستان تحریک انصاف اور ان کے ساتھ شامل جماعتوں کا وطیرہ بن چکا ہے سید محمد عروج۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

ایریا کے مکینوں نے کوریڈور تھری پر احتجاج کرتے ہوئے سڑک بند کردی۔ بجلی پانی نہ ہونے پر کراچی کے شہری بلبلا اٹھے، شاہراہ قائدین انڈر بائی پاس آنے جانے والے دونوں ٹریک کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا۔ کم وبیش دو گھنٹوں کے بعد احتجاج ختم ہونے پر سڑکیں کھول دی گئیں تاہم غیر معمولی ٹریفک جام کے باعث لاکھوں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شیر شاہ کے علاقے میں پراچہ چوک پر مکینوں نے بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین نے شیر شاہ پراچہ چوک سے سڑک ٹریفک کیلئے بند کردی۔ شیر شاہ فلائی اوور کو بھی بند کردیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ صنعتی علاقہ ہونے کے باوجود طویل لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے۔ ٹریفک پولیس نے بتایا کہ مسافروں کو متبادل راستہ فراہم کیا جارہا ہے۔ بعد میں احتجاج ختم کردیا گیا۔ دوسری طرف کے الیکٹرک نے بتایا ہے کہ لائنز ایریا، جیکب لائن، مدینہ روڈ، 75 کوارٹرز میں بھی نادہندگان کی بجلی منقطع کی گئی ہے۔ واجبات 45 کروڑ روپے سے زیادہ ہیں۔ کے الیکٹرک نے عوام سے کہا ہے کہ وہ بجلی کے بلوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنائیں۔ مشتعل عوام نے خداداد کالونی سگنل سے نمائش چورنگی تک سڑک بند کردی، لائنز ایریا کے مکین بھی بجلی کی بندش پر سڑکوں پر نکل آئے، کوریڈور تھری سے صدر آنے اور جانے والی شاہراہ بھی احتجاج کے سبب بند ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقہ مکین بجلی پانی نہ ہونے پر احتجاج کر رہے ہیں، احتجاج کے باعث اطراف کی شاہراہوں پر ٹریفک جام ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی جی اسلام آباد سمیت پولیس کے تمام جوانوں کے حوصلے بلند ہیں، کل بھی ہم نے درخواست کی تھی کہ ابھی جلسے جلوس یا احتجاج نہ کریں، احتجاج کرنا ان کا حق ہے لیکن یہ طریقہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ جلوس کرنا ہر پاکستانی کا حق ہے، جو یہ کر رہے ہیں یہ طریقہ کار غلط ہے، اجازت نہیں دے سکتے، شہریوں اور عوام سے تکلیف کے لیے معذرت خواہ ہیں، ہمارے مہمان اس وقت پاکستان میں موجود ہیں، ہم نے ان کو یقین دلانا ہے کہ وہ محفوظ ملک میں ہیں، احتجاج کرنے والے ایک بار پھر سوچ لیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے بہترین کام کر رہے ہیں، اسلام آباد پولیس اور ضلعی انتظامیہ اپنا کام پورا کرے گی، جو لوگ بھی احتجاج کا سوچ رہے ہیں وہ ایک بار پھر غور کریں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ سوائے ایس پی کے یہاں کسی کے پاس گن نہیں ہے، یہاں جتنی فورس کھڑی ہے کسی ایک کے پاس بندوق نہیں ہے، لیکن احتجاج کے لیے آنے والوں کے پاس بندوقیں ہیں، خدارا ہوش کے ناخن لیں۔ انہوں نے کہا کہ سارے پاکستانی ہیں سب قابل احترام ہیں، احتجاج کرنے والوں کو سوچنا چاہیے وہ کس وقت پر کیا کر رہے ہیں، وزیر اعلی خیبر پختونخوا پہلے بطور پاکستانی سوچیں، خیبرپختونخوا کے وزیر اعلی اپنے صوبے میں جہاں مرضی احتجاج کریں۔ محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد پر دھاوا بولا جارہا ہے، اس چیز کی اجازت نہیں دے سکتے کہ ہر چوتھے دن آپ اٹھیں اور خیبرپختونخوا سے اسلام آباد پر دھاوا بول دیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

انٹرنیٹ سروس بند کردی گئی، جس کے باعث صارفین کو سوشل میڈیا ایپس کیا ستعمال میں مشکلات کا سامنا رہا تاہم بندش کی وجہ سامنے نہیں آئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

ہائی کمشنر نیل ہاکنز کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر بھی اتفاق ہوا۔ ملاقات میں پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تجارت، آئی ٹی، تعلیم اور زراعت میں تعاون کو وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ آسٹریلوی ہائی کمشنر نے میں دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ محمد نواز شریف نے کہا کہ پاکستان آسٹریلیا پارٹنرشپ نہایت اہمیت کی حامل ہے، آسٹریلیا کے تعاون کو سراہتے ہیں، آسٹریلوی سرمایہ کاروں کی پاکستان میں سرمایہ کاری پر مکمل معاونت کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں سرمایہ کار کی سہولت کے لیے بزنس فرینڈلی انوائرمنٹ فراہم کیا جارہا ہے، زراعت اور آئی ٹی کے شعبے میں آسٹریلیا کے تجربے سے مستفید ہونا چاہتے ہیں۔ آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے لئے کوشاں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

پولیس مقابلوں کے دوران 5 زخمیوں سمیت 8 ڈاکوں کو گرفتار کرلیا گیا، جن سے دستی بم اور اسلحہ سمیت دیگر مسروقہ سامان برآمد کرلیا گیا۔ عیدگاہ، قائدآباد، سہراب گوٹھ، بغدادی اور کلری پولیس نے مقابلوں کے بعد 5 زخمیوں سمیت 8 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے دستی بم، اسلحہ، چھینی گئی موٹر سائیکلیں اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کیا۔ عیدگاہ پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب رنچھوڑ لائن اورنگ زیب مارکیٹ بلوچ پارک کے قریب سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جسے طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ملزم کی شناخت 28 سالہ محمد عدیل عرف گدل ولد محمد اقبال کے نام سے کی گئی، جس سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ قائدآباد پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب مسلم گراؤنڈ اسپتال چورنگی کے قریب سے مقابلے کے بعد ایک زخمی سمیت 3 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ زخمیوں کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جن کی شناخت شناخت بابر ولد محمد یعقوب کے نام سے کی گئی۔ دیگر 2 گرفتار ملزمان نے اپنے نام ذیشان اور خاور بتایا۔ ملزمان سے 2 پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون، نقدی رقم اور چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ ادھر سہراب گوٹھ پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب جنت گل ٹاؤن ندی کنارے الآصف کے قریب سے مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار، جسے عباسی شہید اسپتال لے جایا گیا جہاں اس کی شناخت روشن علی کھوسو ولد عاشق علی کے نام سے کی گئی۔ ملزم کا ایک ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا، جس کا نام ملزم ن ے نوید بتایا۔ گرفتار ملزم سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور موٹرسائیکل برآمد کی گئی۔ دریں اثنا بغدادی پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب لیاری ٹینڈری روڈ کیلا اسٹاپ کے قریب سے مبینہ مقابلے کے بعد زخمی سمیت 2 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا، جنہیں سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ ملزم کی شناخت محمد شریف ولد عبد المجید کے نام سے کی گئی جبکہ دوسرے گرفتار ملزم نے اپنا نام عبدالباقر عرف رحمان چھوٹو ولد محمد عیسی بتایا۔ ملزمان سے دستی بم، پستول بمعہ گولیاں، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ دوسری جانب کلری پولیس نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب ماڑی پور روڈ ایدھی بوتھ کے قریب سے مقابلے کے بعد ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جسے سول اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت 28 سالہ نواز علی ولد فقیر محمد کے نام سے کی گئی۔ گرفتار ملزم سے ایک پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزم اس سے قبل بھی غیر قانونی اسلحہ کے مقدمے میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

کی شناخت خیر جان لہڑی کے نام سے ہوگئی۔ لیویز کے مطابق مقتول کی لاش کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

اور کم آمدنی والے افراد اور ان کے اہل خانہ کے لئے کپڑے، کھلونے، و دیگر تحائف تقسیم کئے گئے، اس موقع پر وائس چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن نعمان صدیقی، ہیلپنگ ہینڈ کے نعیم، ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد، ڈائریکٹر پارکس آصف حسین و دیگر بلدیات افسران اور ملازمین کی بڑی تعداد موجود تھی، تقریب میں خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے ہیلپنگ ہینڈ فلاحی تنظیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہیلپنگ ہینڈ لوگوں میں خوشیاں بانٹ رہی ہے ان کی ضرورتوں کو پورا کر رہی ہے اور دنیا بھر میں فلاحی امور سرانجام دے رہی ہے، تقریب میں چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے ضرورت مند اور ٹاؤن کے کم آمدنی والے افراد کے درمیان ہیلپنگ ہینڈ کے جانب سے لائے گئے تحائف تقسیم کئے۔ واضح رہے کہ ہیلپنگ ہینڈ امریکا میں مقیم پاکستانیوں کی ایک عالمی فلاحی تنظیم ہے، جو اس وقت پاکستان اور دنیا کے 18 دیگر ممالک میں بھی میں ضرورت مند اور بے سہارا افراد کی خدمت کر رہی ہے، گزشتہ برس اس تنظیم کے قیام کو 15 برس مکمل ہو چکے ہیں، اس تنظیم کے تحت جن پروگرامز پر کام ہو رہا ہے، ان میں یتیم بچوں کی کفالت کا پروگرام، معذور افراد کی جامع بحالی، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، ایمرجینسی ریلیف، تعلیمی معاونت، معذور بچوں کا علاج، اسکلز ڈویلپمنٹ اور ہیلتھ کیئر پروگرامز بھی شامل ہیں جن سے 27 لاکھ افراد مستفید ہوئے۔ تنظیم کا سب سے منفرد پروگرام یتیم بچوں کی کفالت ہی کا پروگرام ہے، جس کے تحت والدین کے سائے سے محروم بچوں کی تعلیم وتربیت کا اہتمام کیا جاتا اور انہیں بنیادی ضروریاتِ زندگی فراہم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے زیرِ انتظام پاکستان اعلی تعلیم کے حصول میں معاونت کے لیے ادارے کا ایجوکیشن سپورٹ پروگرام اسکالرشپس فراہم کرتا ہے اور تمام ضرورت مند اور حق دار طلبہ کو میٹرک کے بعد تعلیمی وظائف دیئے جاتے ہیں۔ اسی سبب ہر سال کئی طلبہ اعلی تعلیم مکمل کر کے اپنے گھرانوں کا سہارا بن رہے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

منیر، سی ای او احسن ملک، عارف حبیب، زید بشیر اور سمیر عامر شامل ہیں۔ وزیر اعلی سندھ کے ساتھ وزیر برائے انڈسٹریز جام اکرام اللہ دھاریجو، سیکریٹری ٹو سی ایم رحیم شیخ، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی، سیکریٹری صنعت اور ایڈیشنل آئی جی پولیس عمران یعقوب منہاس اور دیگر شریک تھے۔ اجلاس میں صنعتی ترقی اور معیشت کی مضبوطی پر بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ ملکی معیشت بہتر ہو رہی ہے، معیشت میں بہتری کی وجہ سے انٹریسٹ ریٹ کم ہوا ہے۔ پاکستان بزنس کونسل کے وفد کے مطابق زیادہ ٹیکس لگانے سے صنعتی پیداوار متاثر ہو رہی ہے، بجلی کی قیمت اگر کم ہوتی ہے تو صنعت کو فائدہ ہوگا۔ سید مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ میں نے تجویز دی ہے کہ فیکٹریز کو اضافی شفٹ چلانے پر بجلی سستی دی جائے، اگر فیکٹریز میں اضافی شفٹ چلے گی تو روزگار بھی ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بہتری کیلئے وفاقی حکومت اقدامات کر رہی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ زراعت کے شعبہ میں خصوصی توجہ دینی چاہئے، زراعت کی ترقی سے ملک ترقی کرے گا اور لوگ خوشحال ہونگے۔ پاکستان بزنس کونسل کے وفد نے وزیر اعلی سندھ سے مطالبہ کیا کہ انفرا اسٹرکچر سیس کا ریٹ واپس 1.2 کیا جائے۔ چیئرمین شبیر دیوان کے مطابق سندھ حکومت نے بجٹ میں انفرا اسٹرکچر ریٹ 1.8 کر دیا ہے۔ وزیر اعلی مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت بزنس کونسل کی تجویز پر انفرا اسٹرکچر سیس کا ریٹ کم کرنے پر غور کرے گی۔ پاکستان بزنس کونسل نے سندھ ریونیو بورڈ کے ٹیکسز کے حوالے سے تجاریز دیں۔ وزیر اعلی سندھ نے پاکستان بزنس کونسل کے وفد کو ان تجاویز پر غور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

1446 ہجری کل 5 اکتوبر بروز ہفتہ کو ہوگی۔ ربیع الثانی کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت ہوا جس میں رویت ہلال کے حوالے سے شہادتوں کا جائزہ لینے کے بعد چاند نظر آنے کا اعلان کیا گیا۔ دوسری جانب چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد کے اعلان کے بعد وزارت مذہبی امور نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 49

دوران انہوں نے ایم کیو ایم کے رکن سندھ اسمبلی مہیش کمار کے سوال کا جواب دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں جبری طور پر مذہب کی تبدیلی حرام ہے، ہتھیار دکھا کر یا دھمکی دے کر مذہب تبدیل کروانا ہمارے مذہب میں حرام ہے۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک کا کہنا تھا کہ کوئی محبت یا چاہت میں اسلام قبول کرتا ہے تو وہ افضل نہیں لیکن وہ اسلام میں داخل ہوسکتا ہے، ہم کسی کے دل کے معاملے کو نہیں جان سکتے کیا پتا وہ آگے جا کر عام مسلمان سے ایک اچھا مسلمان بن جائے۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر ذاکر نائیک حکومت پاکستان کی دعوت پر پاکستان آئے ہیں وہ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں مختلف تقاریب سے خطاب کریں گے اور اہم ملکی شخصیات سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ خیال رہے ڈاکٹر ذاکر نائیک 10 دن کیلیے اس وقت کراچی میں موجود ہیں۔